Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ

عوام کی بے ساختہ للکار

ABC Certified

روزنامہ

Daily Awami Lalkaar

راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 بدھ 15 جون 2022ء، 15 ذوالقعدہ 1443ھ، 2 ہاڑ 2079 بم، قیمت 20 روپے شمارہ 64

سابق حکومت نے 458 کنال زمین عمران خان اور اہلیہ کی ٹرسٹ کو عطیہ کی، وزیر داخلہ

عمران خان نے ذاتی مفادات کیلئے مذہب کو استعمال کیا

رانا ثناء اللہ

تحریک انصاف کی سابق حکومت میں کرپشن کے نت نئے طریقے دریافت کئے گئے، برطانیہ میں پاکستان کے ریکور کیے گئے 50 ارب سرکاری خزانے میں جمع نہیں کرائے گئے

بنی گالہ میں 240 کنال زمین فرح گوگی کے نام پر منتقل کی گئی، عمران خان نے تمام معاملات میں اپنا حصہ وصول کیا، کہ اس سارے معاملے کی تحقیقات کیلئے سب کمیٹی تشکیل دی گئی ہے

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں 458 کنال زمین عمران خان اور اہلیہ کے نام پر رجسٹرڈ ٹرسٹ کو عطیہ کی گئی تھی۔ اسلام آباد میں وفاقی وزرا کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی سابق حکومت میں کرپشن کے نت نئے طریقے دریافت کئے گئے، حکومت نے ٹرسٹ کو 458 کنال زمین عطیہ کی، یہ خیراتی ادارہ عمران خان اور ان کی اہلیہ کے نام پر ہے۔ وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کابینہ اجلاس کے بعد میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ حکومت نے دسمبر 2019 کے کابینہ اجلاس میں بند لفافے میں ایک معاہدے کی منظوری دی، اس (بقیہ نمبر 33)

کہوٹہ پولیس کی کارروائی، 2 ماہ قبل عدالت سے فرار ہونے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) کہوٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 02 ماہ قبل عدالت سے فرار ہونے والا ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم 02 شہریوں کے ناک کاٹنے اور تشدد کرنے کے مقدمہ میں گرفتار تھا، جو عدالت پیشی پر آیا تو فرار ہوگیا تھا۔

ڈسکہ ضمنی انتخاب: الیکشن کمیشن کا رپورٹ پبلک کرنیکا فیصلہ

کمیٹی نے رپورٹ کے ساتھ شواہد بھی لف کردیئے ہیں جبکہ الیکشن میں منظم دھاندلی ثابت ہوئی ہے

سیالکوٹ (نامہ نگار) الیکشن کمیشن نے ڈسکہ انتخابات میں دھاندلی کی انکوائری رپورٹ پبلک کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 75 ڈسکہ کے ضمنی انتخابات میں دھاندلی کے معاملے پر فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی (بقیہ نمبر 30)

تھر کا کوئلہ توانائی کا منظرنامہ تبدیل کرسکتا ہے، ماہرین

کثیر زرمبادلہ کی بھی بچت ہوگی، پاور پالیسی میں تسلسل ناگزیر ہے، آصف ارسلان سومرو

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ماہرین کا کہنا ہے کہ عالمی اور علاقائی معیارات کے مقابلے میں پاکستان کے انرجی مکس میں کوئلے کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ تھر میں کوئلے کے وسیع ذخائر ہونے کے باوجود پاکستان میں (بقیہ نمبر 31)

انٹربینک میں ڈالر کی قدر نئی بلندترین سطح پر پہنچ گئی

کاروبار کے دوران امریکی ڈالر 1.76 روپے اضافے سے 205.61 روپے کا ہوگیا

کراچی (بیوروچیف) ملکی حالیہ معاشی صورتحال کے باعث انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر کی قدر نئی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ کاروبار کے دوران امریکی ڈالر 1.76 روپے اضافے سے 205.61 روپے کا ہوگیا جبکہ اوپن (بقیہ نمبر 32)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز پنجاب اسمبلی کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

اس بجٹ کو زیادہ تر سراہا گیا ہے، بجٹ میں بہت ساری چیزیں مجبوراً کرنی پڑتی ہیں، مفتاح اسماعیل

پاور سیکٹر کو اگر نہیں سدھارا تو یہ ملکی معیشت کو لے ڈوبے گا

وزیرخزانہ

گزشتہ حکومت نے ریکارڈ قرضے لیے، رواں سال ترقیاتی بجٹ 550 ارب روپے ہے، اگلے سال کیلئے ترقیاتی بجٹ 800 ارب روپے رکھا گیا ہے، گیس کے شعبے کا گردشی قرضہ 1500 ارب روپے تک بڑھ چکا ہے

پاکستان کے تمام وزرائے اعظم نے جتنا قرض لیا اسکا 80 فیصد عمران خان نے لیا، جب میں نے یہ کہا تو شوکت ترین نے کہا 80 فیصد نہیں 76 فیصد لیا ہے، عمران خان نے 79 فیصد زیادہ قرض لیا اپنی بات کی بھی درستی کرتا ہو

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) وفاقی وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کا کہنا ہے کہ گزشتہ حکومت نے ریکارڈ قرضے لیے، بجلی کی قیمتیں گذشتہ برس بڑھائی گئیں، نوٹیفکیشن اب آیا ہے۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ گزشتہ حکومت نے ریکارڈ قرضے لیے، رواں سال ترقیاتی بجٹ 550 ارب روپے ہے، اگلے سال کیلئے ترقیاتی بجٹ 800 ارب روپے رکھا گیا ہے، گیس کے شعبے کا گردشی قرضہ 1500 ارب روپے تک بڑھ چکا ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کا نیشنل بجٹ کانفرنس سے خطاب میں کہنا تھا کہ اس بجٹ کو زیادہ تر سراہا گیا ہے، بجٹ میں بہت ساری چیزیں مجبوراً کرنی پڑتی ہیں، پاکستان کے تمام وزرائے اعظم نے جتنا قرض لیا اس کا 80 فیصد عمران خان نے لیا، جب میں نے یہ کہا تو شوکت ترین نے کہا 80 فیصد نہیں 76 فیصد لیا ہے، عمران خان نے 79 فیصد زیادہ قرض لیا اپنی بات کی بھی درستی کرتا ہوں۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ 1100 ارب روپے اس سال پاور سبسڈی کیلئے دیے گئے، (بقیہ نمبر 42)

عثمان بزدار کو مراعات نہ ملنے کی درخواست سماعت کے لیے مقرر

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کو مراعات نہ دینے کے خلاف درخواست پر رجسٹرار آفس کا اعتراض دور کرکے کیس لاہور ہائیکورٹ میں فکس کردیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ (بقیہ نمبر 48)

مریم اورنگزیب کا لاپتہ صحافی نفیس نعیم کے اہل خانہ سے رابطہ

وزیرداخلہ نے متعلقہ اداروں کو لاپتہ صحافی کی بازیابی کیلئے سختی سے ہدایات جاری کی ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے لاپتہ صحافی نفیس نعیم کے اہل خانہ سے رابطہ کیا اور وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ اور آئی جی سندھ کے درمیان لاپتہ صحافی کی بازیابی کیلئے ہونے والے رابطے سے آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے اہل خانہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نفیس نعیم کی بازیابی کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

سخت فیصلوں سے معاشی حالات بہتر ہوں گے، شاہد خاقان

آئی ایم ایف سے غلط معاہدے عمران خان نے کیے اور اب ملک چلانے کے لیے سخت فیصلے لے رہے ہیں

نیب کا ادارہ جب تک ہے ملک نہیں چل سکتا، احتساب عدالت کے باہر سابق وزیراعظم کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کا کہنا ہے کہ اب سخت فیصلوں سے ملک میں معاشی حالات بہتر ہوں گے، ملک کے حکمران ملک کی معیشت کے خلاف فیصلے کرتے رہے۔ احتساب عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ عمران خان جھوٹ بولتے ہیں اور بولتے رہے، آئی ایم ایف سے غلط معاہدے عمران خان نے کیے (بقیہ نمبر 49)

ایڈیٹرانچیف روزنامہ عوامی للکار محمد فیصل ندیم کی سینئر گروپ سنگھ کے ہمراہ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی سے ملاقات کے دوران میڈیا کو درپیش مسائل پر تفصیلاً گفتگو کی گئی جس پر انہوں نے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی

بلاول کی نااہلی کیلئے دائر درخواست پر الیکشن کمیشن کو 30 روز میں فیصلے کا حکم

درخواست گزار نے کہا کہ بلاول کا اپنی پارٹی چھوڑ کر دوسری پارٹی سے الیکشن لڑنا الیکشن ایکٹ 2017 کی خلاف ورزی ہے

اس غیر آئینی اقدام کیخلاف الیکشن کمیشن کو درخواستیں دیں جن پر کمیشن فیصلہ نہیں کررہا، عدالت الیکشن کمیشن کو درخواستوں پر فیصلہ کرنیکا حکم دے

لاہور (ہادی حسین سے) لاہور ہائی کورٹ نے بلاول بھٹو زرداری کی نااہلی کے لئے دائر متفرق درخواست الیکشن کمیشن کو بھجواتے ہوئے 30 روز میں فیصلہ کرنے کا حکم دیا۔ ہائی کورٹ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے سربراہ بلاول بھٹو زرداری کی نااہلی کے لئے متفرق درخواست پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے درخواست نمٹاتے ہوئے الیکشن کمیشن آف پاکستان کو بھجوا دی اور الیکشن کمیشن کو درخواست پر 30 روز میں فیصلہ کرنے کا حکم دیا۔ جسٹس شمس محمود مرزا نے پاکستان نژاد امریکی شہری سید اقتدار حیدر کی درخواست پر فیصلہ جاری (بقیہ نمبر 34)

بجلی کا شارٹ فال 6 ہزار 709 میگاواٹ، لوڈشیڈنگ جاری

مجموعی پیداوار 21 ہزار 191، طلب 27 ہزار 900 میگاواٹ ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) بجلی کا شارٹ فال 6 ہزار 709 میگاواٹ تک پہنچ گیا، ملک کے مختلف علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 16 گھنٹے تک پہنچ گیا (بقیہ نمبر 50)

وزیرخارجہ بلاول بھٹو زرداری دوروزہ سرکاری دورے پر ایران روانہ ہوگئے

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری دو روزہ سرکاری دورے پر منگل کو ایران روانہ ہوگئے، انہیں اس دورے کی دعوت ایرانی ہم منصب ڈاکٹر امیر عبداللہیان نے دی ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری اپنے ایرانی ہم منصب سمیت دیگر حکومتی عہدیداروں سے بھی ملاقاتیں کریں گے۔

پی ٹی آئی نے مخصوص نشستوں سے متعلق الیکشن کمیشن کا فیصلہ چیلنج کردیا

چھ جون کے فیصلے کو کالعدم قرار دیکر مخصوص نشستوں کا نوٹیفکیشن جاری کرنیکا حکم دیا جائے، درخواست

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان تحریک انصاف نے پنجاب اسمبلی میں خواتین کی مخصوص نشستوں سے متعلق الیکشن کمیشن کا 2 جون کا فیصلہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کردیا۔ سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی اسد عمر کی جانب سے دی گئی درخواست (بقیہ نمبر 51)

حکومت کا اسپیکر پنجاب اسمبلی پرویزالٰہی کو ہٹانے کا فیصلہ

لیگی وزرا نے کہا کہ یہ چیف سیکرٹری اور آئی جی کو بلا کر انہیں بے عزت کرنا چاہتے ہیں، ماڈل ٹاؤن کیس میں یہی کچھ ہوا تھا

آئی جی پنجاب اور چیف سیکرٹری کو آج بھی اسمبلی میں پیش نہیں کیا جائے گا، لیگی وزرا

لاہور (اے ایف پی) حکومت نے اسپیکر پنجاب اسمبلی پرویزالٰہی کو ہٹانے کا اصولی فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف کی زیرصدارت پارٹی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں مشاورتی اجلاس ہوا جس میں آج بجٹ پیش کرنے کے حوالے سے گفتگو ہوئی جبکہ اپوزیشن کی جانب سے بجٹ روکنے کے امکان پر قانونی ماہرین سے بھی مشاورت کی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئی جی پنجاب اور چیف سیکرٹری کو آج بھی اسمبلی پیش نہیں کیا جائے گا۔ لیگی وزرا نے کہا کہ یہ چیف سیکرٹری اور آئی جی کو بلا کر انہیں بے عزت کرنا چاہتے ہیں۔

عمران خان کی سیاست کی ابتدا جھوٹ اور ختم یوٹرن پر ہوتی ہے

35 پنکچر، عالمی سازش کے بعد اب روس سے تیل معاہدے کا دعویٰ بھی جھوٹ ثابت ہوا، شیری رحمٰن

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ عمران خان کی سیاست کی ابتدا جھوٹ اور ختم یوٹرن پر ہوتی ہے (بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد، پی ٹی آئی کے رہنما اسد عمر اور شیریں مزاری پریس کانفرنس کررہے ہیں

راولپنڈی، پاکستان تحریک انصاف میٹروپولیٹن راولپنڈی کے ورکرز کنونشن میں چیئرمین تحریک انصاف عمران خان اور شیخ راشد شفیق سٹیج پر بیٹھے ہیں

الیکشن کمیشن کا اسد عمر اور عمران خان کو جرمانے کیخلاف دلائل دینے کا آخری موقع

اسلام آباد (اے ایف پی) الیکشن کمیشن نے ڈسٹرکٹ مانیٹر آفیسر ڈی ایم او کی جانب سے جرمانے کے معاملے پر پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان اور رہنما اسد عمر کو دلائل دینے کے لیے آخری موقع دے دیا۔ چیف الیکشن کمشنر کی زیرصدارت تین رکنی کمیشن کی سماعت ہوئی، عمران خان اور اسد عمر (بقیہ نمبر 37)

مشیر کو قومی اسمبلی میں بیٹھنے کی اجازت پنجاب اسمبلی میں نہیں، پرویزالٰہی

سپیکر بدنظمی پر کسی کو بھی باہر نکال سکتا ہے، اسمبلی حدود کے اندر بھی داخلے سے روک سکتا ہے

لاہور (نیوز رپورٹر) سپیکر پنجاب اسمبلی چوہدری پرویزالٰہی نے کہا ہے کہ پنجاب اسمبلی رول 210 کے تحت کسی غیرمنتخب شخص کو ایوان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں، مشیر کو قومی اسمبلی میں بیٹھنے کی اجازت ہے مگر پنجاب اسمبلی میں نہیں۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 36)

قوم چائے کی ایک ایک دو دو پیالیاں کم کردیں، احسن اقبال

چائے کے استعمال میں کمی کی درخواست اس لیے کی کیونکہ ہم چائے بھی درآمد کرتے ہیں

بحران سے نکلنے میں تاجر اور قوم ہمارا ساتھ دے، اپیل کرتے ہیں کہ بازار ساڑھے آٹھ بجے بند کردیے جائیں

اسلام آباد (حاجی ندیم سے) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے قوم سے چائے کی ایک ایک دو دو پیالیاں کم کرنے کی اپیل کی ہے۔ عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ چائے کے استعمال میں کمی کی درخواست اس لیے کی کیونکہ ہم چائے بھی درآمد کرتے ہیں۔ بحران سے نکلنے میں تاجر اور قوم ہمارا ساتھ دے، اپیل کرتے ہیں کہ بازار ساڑھے (بقیہ نمبر 52)

پارٹی فنڈنگ کیس، پی ٹی آئی کی انٹراکورٹ اپیل پر فیصلہ محفوظ

سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے کہ سیاسی جماعتوں کی بلاتفریق جانچ پڑتال کرنا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اطہرمن اللہ اور جسٹس بابر ستار پر مشتمل دو رکنی بنچ نے فریقین کے وکلا کے دلائل مکمل ہونے (بقیہ نمبر 43)

امپورٹڈ حکومت موت کے کنویں میں ناچ رہی ہے، شیخ رشید

اسمبلیاں کھیل تماشا بن چکی ہیں، وزیرخزانہ عنقریب دوسری مرتبہ پیٹرول اور بجلی کی قیمتوں پر قیامت ڈھانے والے ہیں

آصف زرداری سے لے کر شہباز شریف تک تمام کیسز کا ریکارڈ محکموں سے غائب کردیا گیا ہے، سابق وزیرداخلہ

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ امپورٹڈ حکومت موت کے کنویں کی سرکس میں ناچ رہی ہے۔ غریب بدحال اور دل برداشتہ ہوچکا ہے۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ نے اپنے ٹوئٹر بیان میں کہا کہ آصف زرداری سے لے کر شہباز شریف تک تمام کیسز کا ریکارڈ محکموں سے غائب کردیا گیا ہے۔ آصف زرداری ق لیگ کے 2 وزرا کو ساتھ رکھنے کے (بقیہ نمبر 38)

لاہور، چیف سیکرٹری پنجاب کامران علی افضل ممکنہ سیلاب کے خطرے سے نمٹنے کیلئے انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے سول سیکرٹریٹ میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

راولپنڈی تحفظ سینٹر ٹرانسجینڈرز کے تحفظ کیلئے سرگرم عمل

راولپنڈی (نیوز رپورٹر سے) راولپنڈی تحفظ سینٹر ٹرانسجینڈرز کے تحفظ کیلئے سرگرم عمل ہے، راولپنڈی پولیس تحفظ سینٹر میں آئے ٹرانسجینڈرز کی درخواست پر زبردستی گھر میں داخل ہوکر تشدد کرنے اور دھمکیاں دینے والے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔

الیکشن کمیشن کا فیصلہ عجیب وغریب ہے، اسد عمر

جلد از جلد نشستوں کو نوٹیفکیشن کے ذریعے بحال کیا جائے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل اسد عمر نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کا فیصلہ عجیب وغریب ہے، ضمنی انتخابات تک نوٹیفکیشن (بقیہ نمبر 44)

کورونا وائرس کے 24 گھنٹوں کے دوران 9 ہزار 371 ٹیسٹ، مثبت شرح 0.58 فیصد رہی، وزارت قومی صحت

اسلام آباد (اے ایف پی) وزارت قومی صحت نے کہا ہے کہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں 9 ہزار 371 کورونا ٹیسٹ کیے گئے، مثبت کیسز کی شرح 0.58 فیصد رہی۔ وزارت کی جانب (بقیہ نمبر 54)

اسلام آباد ایئرپورٹ پر کارروائی، 950 گرام آئس ہیروئن برآمد

ملزم ابتدائی تفتیش کے بعد برآمد شدہ منشیات سمیت اے این ایف حکام کے حوالے

اسلام آباد (اے ایف پی) ایئرپورٹس سکیورٹی فورس (اے ایس ایف) نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے دبئی جانے والے مسافر سے (بقیہ نمبر 53)

پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف سبطین خان، راجہ بشارت اور میاں محمودالرشید پنجاب اسمبلی کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

بھارت کے غیرقانونی زیرتسلط جموں وکشمیر میں فوجیوں کے ہاتھوں 2 کشمیری نوجوان شہید

سرینگر (اے ایف پی) بھارت کے غیرقانونی زیرتسلط جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشتگردی کی تازہ کارروائی کے دوران آج سرینگر میں (بقیہ نمبر 39)

آئینی طریقے سے پی ٹی آئی حکومت کو ہٹایا، رانا مشہود

وزیراعلیٰ کے انتخاب کے دوران بھی طوفان بدتمیزی مچایا گیا، میڈیا سے گفتگو

لاہور (اے ایف پی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما رانا مشہود نے کہا ہے کہ آئینی طریقے سے پی ٹی آئی حکومت کو ہٹایا، پرویزالٰہی ذاتی مفاد سے آگے نہیں دیکھتے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا مشہود نے کہا کہ پی ٹی آئی پاکستان مخالفین کی آلہ کار بنی ہوئی ہے، سونامی کا مطلب تباہی اور بربادی ہوتی ہے، پی ٹی آئی نے تباہی اور بربادی کے سوا کچھ نہیں دیا،

کابینہ ارکان نے تو بظاہر ای سی ایل کو ختم ہی کردیا، چیف جسٹس

عدالت عظمیٰ اسلام آباد میں ای سی ایل قوانین میں ترمیم اور تحقیقات میں حکومتی مداخلت پر ازخودنوٹس کی سماعت چیف جسٹس کی سربراہی میں ہوئی

جس میں جسٹس اعجازالاحسن نے سوال کیا کہ کیا ای سی ایل قوانین کے حوالے سے کابینہ نے منظوری دی؟

لاہور، سابق وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار پنجاب اسمبلی کے بجٹ اجلاس میں شرکت کیلئے آرہے ہیں

اسلام آباد (چیف رپورٹر) تحقیقات میں حکومتی مداخلت پر ازخودنوٹس کی سماعت کے دوران چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے ریمارکس دیے ہیں کہ بااختیار افراد نے ای سی ایل قوانین میں ترمیم کرکے اس سے فائدہ اٹھایا۔ عدالت عظمیٰ اسلام آباد میں ای سی ایل قوانین میں ترمیم اور تحقیقات میں حکومتی مداخلت پر ازخودنوٹس کی سماعت چیف جسٹس کی سربراہی میں ہوئی، جس میں جسٹس اعجازالاحسن نے سوال کیا کہ کیا ای سی ایل قوانین کے حوالے سے کابینہ نے منظوری دی؟۔ جس پر اٹارنی جنرل نے جواب دیا کہ کابینہ کمیٹی برائے قانون سازی میں معاملہ زیرغور ہے۔ چیف جسٹس نے دوران سماعت ریمارکس دیے (بقیہ نمبر 55)

22 جون کو سال کا طویل ترین دن جبکہ مختصر ترین رات ہوگی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) 22 جون کو سال کا طویل ترین دن جبکہ مختصر ترین رات ہوگی۔ ماہرین فلکیات کے مطابق 22 جون 2022ء کو سال کا طویل ترین دن جبکہ مختصر ترین رات ہوگی اس روز دن کا دورانیہ تقریباً 14 گھنٹے جبکہ رات 10 گھنٹوں کی ہو (بقیہ نمبر 45)

مفت لیپ ٹاپ پراجیکٹ دوبارہ شروع کرنے پر اظہار تشکر کی قرارداد جمع

لاہور (این این آئی) مفت لیپ ٹاپ پراجیکٹ دوبارہ شروع کرنے پر اظہار تشکر کی قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرادی گئی۔ مسلم لیگ (ن) کی رکن حنا پرویز بٹ کی جانب سے جمع کرائی گئی قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ دور (بقیہ نمبر 46)

سعودی عرب کا پاکستانی طلبہ کیلئے 25 جامعات میں اسکالرشپس کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب نے پاکستانی طلبہ کے لیے 25 جامعات میں اسکالرشپس کا اعلان کیا ہے۔ پاکستانی ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کے مطابق وہ پاکستانی طلبہ جو سعودی عرب کی جامعات میں پڑھنے کے خواہش مند (بقیہ نمبر 40)

عوامی بجٹ کو پاس ہونا چاہیے، عظمیٰ بخاری

پرویزالٰہی کا اچھا علاج ہے لیکن ابھی اس کا وقت نہیں آیا ان کا علاج ضرور کریں گے

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پرویزالٰہی کو وزیراعلیٰ نہ بننے کا غم ہے، انہیں عقل اور تمیز نہیں آرہی عوامی بجٹ کو پاس ہونا چاہیے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پرویزالٰہی کو وزیراعلیٰ نہ بننے کا غم ہے، انہیں عقل اور تمیز نہیں آرہی عوامی بجٹ کو پاس ہونا چاہیے۔

جسٹس شوکت صدیقی برطرفی کیس کی سماعت غیرمعینہ مدت تک ملتوی

چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں پانچ رکنی لارجر بینچ نے کیس کی سماعت کرنا تھی

اسلام آباد (اے ایف پی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے سابق جج اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس شوکت عزیز صدیقی کی برطرفی کے خلاف مقدمہ کی سماعت غیرمعینہ مدت تک ملتوی کردی۔ چیف جسٹس آف پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی (بقیہ نمبر 47)

برادر ملک انڈونیشیا پاکستان کو پام آئل فوری فراہم کریگا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی عوام کو خوردنی تیل کی فراہمی کے لئے بڑی پیش رفت، برادر ملک انڈونیشیا پاکستان کو پام آئل فوری فراہم کرے گا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی 10 جون کو انڈونیشیا کے صدر جوکو ویدودو سے ٹیلی فون پر گفتگو ہوئی تھی، وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر پاکستانی وفد (بقیہ نمبر 41)

کراچی، امریکی سفیر امریکی وفد اور پی ایس ایکس کی ٹیم کی موجودگی میں گونگ پر ضرف لگا کر تجارتی دن کا آغاز کررہے ہیں

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ـ ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ملاوٹ کا ناسور

شہریوں کی صحت و زندگی کو دیگر خطرات کے ساتھ ملاوٹ جیسے ناسور کا بھی سامنا ہے۔ اس تناظر میں انتہائی تشویش ناک امر یہ ہے کہ کھانے پینے کی تمام اشیاء کو ملاوٹ کے ذریعے انسانی صحت کے لیے خطرناک بنادیا جاتا ہے۔ دودھ، پانی، گوشت، دالوں، آٹے، گھی، خوردنی تیل، ہلدی، مرچ جیسے بنیادی اجزاء اور ضروریات کے ساتھ ہوٹلوں، ریستورانوں میں فروخت ہونے والے کھانوں کے معیار کی بھی ضمانت نہیں دی جاسکتی۔ فوڈ اتھارٹی کے حکام آئے روز ہزاروں کلوگرام ایسا گوشت پکڑتے ہیں جو مردہ جانوروں کا ہوتا ہے یا پھر اسے بکرے اور مرغ کے بجائے کسی اور جانور کا گوشت فروخت کیا جارہا ہوتا ہے۔ اسی طرح دودھ جیسی بنیادی اور ناگزیر ضرورت کو ملاوٹ کے ذریعے بیچنا بھی معمول بن چکا ہے۔ دودھ کے نام پر تو مختلف کیمیکلز کو فروخت کر کے بھی لوگوں کی صحت اور زندگیوں سے کھیلا جارہا ہے۔ اشیائے خورونوش میں ملاوٹ کرنے والے سماج دشمن عناصر دولت اور منافع کی اندھی دوڑ میں لوگوں کی صحت اور زندگی کے کھلے دشمن بنے ہوئے ہیں۔ کھانے پینے کی اشیاء میں ملاوٹ کے ذریعے یہ لوگ دراصل قتل عمد کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ اسی طرح اشیائے ضرورت میں ملاوٹ کے ذریعے ان کے معیار کو کم کر کے لوگوں کے ساتھ دھوکہ دہی کا جرم کیا جاتا ہے۔ افسوس سے کہنا پڑتا ہے ملاوٹ مافیا کے اس گھناؤنے جرم کو بااثر حکام کی سرپرستی اور انتظامیہ کے اہلکاروں کی معاونت حاصل ہوتی ہے۔ حکومت کی طرف سے ملاوٹ جیسے سنگین جرم کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے اور اس میں ملوث لوگوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے دعوے تو کیے جاتے ہیں لیکن عملی طور پر صورتحال بالکل ہی برعکس ہوتی ہے۔ ملاوٹ میں ملوث عناصر بے شرمی اور ڈھٹائی کے ساتھ نہ صرف لوگوں کی جیب پر ڈاکہ ڈالنے کا جرم کر رہے ہیں بلکہ ان کی صحت اور زندگیوں تک سے کھیل رہے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اعلیٰ سطح پر ایسی فول پروف حکمت عملی طے کی جائے کہ کم از کم ملاوٹ کرنے والے سماج دشمنوں نہ صرف بے نقاب ہوسکیں بلکہ انہیں سخت سزاؤں کے ذریعے دوسروں کے لیے عبرت کا نشان بنا دیا جائے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو اور کچھ نہیں تو لوگوں کو ملاوٹ سے پاک اشیائے ضروریہ کی فراہمی کو ہی یقینی بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات کرنے چاہئیے۔ اس مقصد کے لیے زیرو ٹالیرنس پالیسی کے تحت ملاوٹ کرنے والوں کو قانون کے شکنجے میں لایا جائے۔ انہیں اخلاقی بنیادوں پر عام شہریوں کے سامنے کھڑا کر کے شرم دلانے کے ساتھ قانون اور انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے سخت ترین سزائیں دی جائیں۔

بیٹی زحمت یا رحمت؟

جس بچی کو زمانہ جاہلیت میں رسوائی کا سامنا تھا

راقم محمد برہان الحق (جہلم)

بیٹی کی ولادت پر باپ کا کیا حال ہوتا تھا! بیٹی کی پیدائش کو وہ اپنے لیے ننگ و عار سمجھتا تھا اور لوگوں سے اپنا چہرہ چھپائے پھرتا۔ بالآخر اس کا یہ جھوٹا احساسِ شرمندگی اور ندامت اس کو اس شقاوت پر آمادہ کرلتا تھا کہ وہ اس پیاری پھول جیسی بیٹی کو کسی گڑھے میں دبا دیتا اور اسے زندہ درگور کر دیتا تھا' پھر اپنے اس بہیمانہ و ظالمانہ فعل پر فخر کرتا تھا۔ اس بچی کو دین اسلام نے ہی بیٹی کی حثیت سے مقام دیا آپ ﷺ نے اس بیٹی کو احترام و عزت کا مقام عطا کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے یہ تعلیم دی کہ بیٹی کا باپ ہونا ہرگز موجب عار نہیں ہے' بلکہ موجبِ سعادت ہے۔ امام مسلمؒ نے اپنی صحیح مسلم شریف میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے: صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ والآداب، باب فضل الاحسان الی البنات۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے دو لڑکیوں کی پرورش کی یہاں تک کہ وہ بلوغت کو پہنچ گئیں تو قیامت کے روز میں' اور وہ اس طرح آئیں گے''۔ آپ ﷺ نے اپنی انگشت شہادت کو ساتھ والی انگلی سے ملا کر دکھایا۔ صحیح مسلم ہی میں یہ روایت بھی ہے: ''جس کے ہاں لڑکیاں پیدا ہوں اور وہ ان کی اچھی طرح پرورش کرے تو یہ لڑکیاں اس کے لیے دوزخ سے آڑ بن جائیں گی۔'' اسلام نے نہ صرف سماجی و معاشرتی سطح پر بیٹی کا مقام بلند کیا بلکہ اسے وراثت کا حق دار بھی ٹھہرایا جس حق سے اسے محروم رکھا جاتا رہا ہے ارشادِ ربانی ہے: اللہ تمہیں تمہاری اولاد (کی وراثت) کے بارے میں حکم دیتا ہے کہ لڑکے کے لیے دو لڑکیوں کے برابر حصہ ہے پھر اگر صرف لڑکیاں ہی ہوں (دو یا) دو سے زائد تو ان کے لے اس ترکہ کا دو تہائی حصہ ہے اور اگر وہ اکیلی ہو تو اس کے لیے آدھا ہے۔ القرآن، النساء، 4:11 آج بھی ہمارے معاشرے میں ایسے لوگ موجود ہیں جو بیٹی کی پیدائش کو نحوست قرار دیتے ہیں قرآن حکیم نے بیٹی کی پیدائش پر غم و غصے کو جاہلیت کی رسم اور انسانیت کی تذلیل قرار دیتے ہوئے اُس کی مذمت کی: اور جب ان میں سے کسی کو لڑکی (کی پیدائش) کی خوشخبری سنائی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے اور وہ غصہ سے بھر جاتا ہے وہ لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے (بزعم خویش) اس بری خبر کی وجہ سے جو اسے سنائی گئی ہے (اب یہ سوچنے لگتا ہے کہ) آیا اسے ذلت و رسوائی کے ساتھ (زندہ) رکھے یا اسے مٹی میں دبا دے (یعنی زندہ درگور کر دے) خبردار کتنا برا فیصلہ ہے جو وہ کرتے ہیں o القرآن، النحل، 16:58، 59 کہاں وہ عالم کہ معاشرہ بیٹی کا باپ ہونا باعث ننگ و عار اور شرم سمجھتا تھا' کہاں یہ عالم کہ اس معاشرے میں یہ بات دلوں میں پیوست ہوگئی

کہ اگر کوئی بیٹیوں کی خوش دلی کے ساتھ 'شفقت و محبت کے ساتھ پرورش کرتا ہے تو اُس کے لیے قیامت میں آنحضور ﷺ کی قربت اور نارِ جہنم سے نجات کی بشارت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو بیٹیاں دیں۔ ایک نہیں' چار بیٹیوں کا باپ بنایا۔ جن کے دلوں میں بیٹوں کی حسرت ہو تو وہ دیکھ لیں نبی اکرم ﷺ کو' جو چار بیٹیوں کے باپ تھے چاروں بیٹیوں کو آنحضور ﷺ نے نہایت محبت و شفقت کے ساتھ پرورش فرمایا ہے۔ اُن سے آپ ﷺ کو جو اُنس و محبت تھی وہ سیرتِ مطہرہ کا مطالعہ کرنے والے ہر قاری کو معلوم ہوگا۔ خاص طور پر حضور ﷺ کو حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا سے جو پیار تھا اس کا یہ عالم تھا کہ جب وہؓ شادی کے بعد آنحضور ﷺ کی خدمت میں آتی تھیں تو نبی اکرم ﷺ ان کے لیے کھڑے ہو جایا کرتے تھے' ان کے لیے جگہ چھوڑ دیتے تھے' اپنی چادر انؓ کے لیے بچھاتے تھے اور اُس پر اُنؓ کو بٹھاتے تھے پھر آپ ﷺ اپنی بیٹی کے لیے ''میرے جگر کا ٹکڑا'' کے الفاظ استعمال فرماتے تھے معاشرے میں بیٹیوں کی پیدائش کو نحوست قرار دینے کی بہت ساری وجوہات ہیں جن کی وجہ سے بیٹیوں سے نفرت کی جاتی ہے۔ کچھ لوگ اس وجہ سے بیٹی کی پیدائش پر پریشان ہوتے کہ انکا نصیب کیسا ہوگا تو آپ لوگ یہ کیوں نہیں سمجھتے کہ جس اللہ نے بیٹی دی اس نے اسکا نصیب بھی بہترین لکھا ہوگا۔ ہمارے معاشرے میں لوگ اپنی بیٹیوں کو زیادہ نہیں پڑھاتے وجہ؟ وجہ یہ کہ اس نے تو بیگانے گھر چلے جانا ہمیں کونسا کما کر ہمیں دینا ہے یہ انتہائی غلط سوچ ہے خدارا بیٹی کو رحمت سمجھیں زحمت نہیں اسکی اچھی طرح پرورش کریں اگر آج آپ اپنی بیٹی کو اچھی تعلیم دلوائیں گے تو یہ آپکا اور اپنے ملک کا نام روشن کرے گی۔ بیٹیوں کو حقیر نہیں سمجھنا چاہئے کیونکہ بیٹے بیٹیاں لاتے ہیں اور بیٹیاں بیٹے مطلب داماد لاتیں ہیں۔ ایک اہم وجہ اہم جہیز ہے چونکہ یہ جہیز درمیانے طبقے کے لئے سب سے پریشانی والا عنصر سمجھا جاتا ہے، کیونکہ ان کی بیٹی کی شادی کے لیے انکے پاس کوئی وسائل نہیں ہوتے۔ جہیز صرف ایک نحوست ہے، والدین اپنی خوشی سے جو چاہیں دے سکتے ہیں لیکن مجبور کرنا یا رسم و رواج بنا دینا بالکل درست نہیں......! ..ہاں! بیٹی نہیں بلکہ جہیز ایک لعنت ہے، اور جہیز کی روایت کو ضرور ختم کرنا چاہئیے ہمیں اپنی سوچ کو وسیع کرنے کی ضرورت آج بھی ہیں ورنہ ہم میں اور غیر مسلم میں کوئی فرق نہیں رہے گا۔ ارے بیٹی تو دل کا سکون ہوتی ہے بیٹی گھر کی رونق ہوتی ہے بیٹی تو دل کا چین ہوتی ہے بیٹی تو رب کی رحمت ہوتی ہے بیٹی تو رب کی عطا ہوتی ہے بیٹی تو باپ کا مان ہوتی ہے بیٹی تو آنکھوں کی ٹھنڈک ہوتی ہے پھر کیوں لوگ بیٹی سے نفرت کرتے ہیں اللہ ہر مسلمان کو بیٹی جیسی نعمت عطا فرما آمین۔

"پاک فوج کے خلاف الزام تراشیوں کا جواب"

رخسانہ بھٹی اسلام آباد

انڈیا ہر بات کا الزام پاکستان پر لگا دیتا ہے تبھی ایک کہاوت ہے کہ اگر انڈیا میں بچہ بھی پیدا ہوجائے تو وہ کہتے ہیں کہ اس میں بھی پاکستان کا ہاتھ ہے یعنی وہاں کچھ بھی ہوجائے بھارتی میڈیا سیاستدان اور فوج اس کا الزام پاکستان پر لگا دیتے ہیں کہ یہ پاکستان نے کیا ہوگا۔ لیکن آج کل اسی قسم کی اسٹوری پاکستان میں بھی چل رہی ہے اگر کوئی کسی لڑکی کیساتھ رنگ رلیاں مناتے پکڑا جائے اور لڑکی کے بھائی اور رشتہ دار گھر جا کر اسکی ٹھکائی کردیں تو وہ اس کا الزام پاک اور آئی ایس آئی پر لگا دیتا ہے اگر ذاتی دشمنیوں کی وجہ مخالفین کسی پر فائرنگ کردیں تو اس کا الزام بھی پاک فوج اور آئی ایس آئی پر لگتا ہے آئیں ذرا اس سارے معاملے کے پس منظر میں جائیں اور دیکھیں کہ اس سارے کھیل کے پیچھے کون سے عناصر ہیں اور وہ کس کے ایجنڈے پہ کام کررہے ہیں۔ ہم زیادہ دور نہیں جاتے اور حامد میر پر ہونیوالے قاتلانہ حملے سے اس کا آغاز کرتے ہیں کیونکہ آجکل وہ پاک فوج اور آئی ایس آئی کیخلاف جارحانہ موڈ میں ہیں موصوف پر جب حملہ ہوا تو خوب واویلہ مچایا گیا کہ یہ حملہ فوج نے کروایا ہے الزامات کی بوچھاڑ کی گئی اور عالمی میڈیا کو چیخ چیخ کر بتایا گیا کہ آئی ایس آئی نے حملہ کروایا ہے لیکن وہ الزامات صرف الزامات ہی رہے اسکی تصدیق نہ ہوسکی بیرونی آقاؤں کی خوشنودی کیلئے نام لیکر الزامات گئے اور پاک فوج اور آئی ایس آئی کو بدنام کیا گیا میر صاحب سچے تھے کیونکہ 2011 میں بنگلہ دیش سے اپنے والد وارث میر کا ایوارڈ لینے کے بعد خدشہ تو تھا کہ غداری کا مقدمہ بنے گا کیونکہ یہ ایوارڈ ان لوگوں کو دیا گیا تھا جنہوں نے بنگلہ دیش بنانے میں کسی بھی طرح سے بنگالیوں کی مدد اور پاکستان سے غداری کی تھی امریکن ایمبیسی میں شراب اور کباب کی محفلیں جمانے والے حامد میر نے ممبئی حملہ کیس میں اجمل قصاب کو پاکستانی ظاہر کیا جبکہ حقائق سب پر واضح تھے امریکہ اور اسرائیل کی زبان بولنے والے حامد میر کو اتنی بھاری تنخواہ کیسے ملتی ہے اس بات کا اندازہ جسٹس ثاقب نثار کی ہیرنگ سے لگایا جاسکتا ہے جنگ اور جیونے واضح کیا کہ انہیں امریکی دفتر خارجہ اور وائس آف امریکہ سے بھاری فنڈنگ ہوتی رہی ہے جو کروڑوں ڈالرز پر مشتمل ہے جس وقت ایک عام رپورٹر اور کیمرہ مین کی تنخواہ 12 سے 15 ہزار روپے جبکہ اینکرز کی پچاس ہزار سے دو لاکھ تھی تب میر صاحب 52 لاکھ روپے تنخواہ لے رہے تھے امن کی آشا پروگرام جیو پر چلا جس کو فنڈنگ کٹر ہندوؤں کی تھی ظاہر ہے جو لاکھوں کروڑوں دے رہے ہیں میر صاحب تو ان کی

ہی بات کریں گے ناں اب جبکہ صحافیوں کو ملنے والی بیرونی فنڈنگ کی تحقیقات جاری ہیں اور میر صاحب کو ایک دفعہ پھر مقدموں اور ملک سے غداری کی تلوار لٹکنے کا پتہ چلا ہے تو انہوں نے اپنے جیسوں کو ساتھ ملا کر واویلہ کرنا شروع کردیا اور گھٹیا ترین زبان استعمال کی۔ گل بخاری، وقاص گورائیہ، سرل المیڈا، مبشر زیدی جیسے کتنے صحافی موجود ہیں جو شہرت کی خاطر ایسے ہتھکنڈے استعمال کرچکے ہیں جبکہ مطیع اللہ جان، ابصار عالم، سرکاری حاجن عاصمہ شیرازی اور اسد طور جیسے ڈنگے سدھے بھی اب فوج کیخلاف زہر اگلنا شروع ہوگئے ہیں جس کو گھر میں دوسری دفعہ مانگنے پر سالن نہیں ملتا وہ بھی یہ الزام لگا رہا ہے کہ مجھ پر فوج اور آئی ایس آئی نے حملہ کرایا ہے۔ اسد طور کو 2 جون کو ایف آئی اے کے سائبر کرائم ونگ نے خاتون صحافی کو تنگ کرنے پر بلایا ہوا ہے اس خاتون صحافی نے سائبر کرائم ونگ کو درخواست دی تھی کہ اسد طور انہیں ہراساں کررہا ہے۔ اس تحقیقات سے بچنے کیلئے یا پھر کسی ملک کی شہریت یا سستی شہرت کیلئے یہ ڈرامہ رچایا گیا اسکی تحقیقات سے سب واضح ہوجائے گا۔ آئی ایس آئی نے اسد طور پر حملے کے وضاحت دیدی ہے کہ ایسے کسی بھی واقعے سے آئی ایس آئی یا فوج کا کوئی تعلق نہیں اور آئی ایس آئی مکمل تعاون کیلئے تیار ہے۔ ساتھ ہی واضح کیا گیا کہ ففتھ جنریشن وار میں اداروں کو نہ گھسیٹا جائے اور بغیر ثبوت کے الزامات کا سلسلہ بند ہونا چاہئے۔ آئی ایس آئی نے بہت اچھا کیا کہ وضاحت کردی اور ساتھ ہی تنبیہ بھی کیونکہ یہ سلسلہ اب بڑھتا جارہا تھا اور مطیع اللہ جان، طلعت حسین، ابصار عالم، ساجد گوندل اور اسد طور جیسے لوگ بھی شہرت اور شہریت کی خاطر اداروں پر حملہ آور ہوچکے ہیں ریاست کو

ایسے عناصر کیخلاف سختی سے نمٹنا ہوگا اور ان چیخنے چلانے والوں کی تحقیقات کروانی ہوگی کہ ان کی ڈوریاں کہاں سے ہل رہی ہیں ان کے اثاثہ جات چیک کرنے ہوں گے کہ این این آئی میں چار ہزار تنخواہ اور پھٹ پھٹی (جسکی آواز پورے اسلام آباد میں گونجتی تھی اور لوگ سمجھ جاتے تھے کہ میر آ کم تے جا رہیا اے) پر ادارے میں آنے والا حامد میر چند سالوں میں کروڑوں پتی اور لینڈ کروزروں کا مالک کیسے بنا؟ اب چوتھے ستون کے ان فتنوں کو بھی اس ستون سے ہٹانا ہوگا تبھی چوتھا ستون سکون سے چل سکے گا آجکل صحافت بطور مال بناؤ پروگرام رہ گئی ہے بس کچھ سال لگا کر لاکھوں کروڑوں کما کر معزز شہری بن کر زندگی گزاری جاتی ہے۔ یہ سلسلہ صرف صحافیوں کی جانب سے ہی شروع نہیں کیا گیا بلکہ سیاستدان بھی اب اسی ڈگر پر ہیں تین دفعہ ملک کے وزیراعظم رہنے والے میاں نواز شریف کا نام جب پانامہ پیپرز میں آیا اور عدالت نے انہیں نااہل کیا تو انہوں نے بھی فوج اور آئی ایس آئی پر الزامات کی بارش کردی اور سلسلہ وہیں نہیں رکا بلکہ یہ سلسلہ ایک دو خاندانوں سے شروع ہوکر سیاستدانوں اور سیاسی جماعتوں کا وطیرہ بن گیا کہ اگر کوئی الیکشن ہار جائے تو کہتا ہے فوج نے ہروایا ہے اگر کسی کیخلاف کرپشن کی تحقیقات شروع ہوں تو فوج اور آئی ایس آئی کو مورد الزام ٹھہرایا جاتا ہے بھئی اب بس کرو یہ فوج اور آئی ایس آئی چند ضمیر فروش صحافیوں اور سیاستدانوں کی بلیک میلنگ میں نہیں آئے گی قوم اپنے وطن کے محافظوں کیساتھ کھڑی ہے وہ انہیں کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑے گی۔ مجھے حیرت ہوتی ہے اس گورے پر جس نے خفیہ ایجنسیوں کی من گھڑت اور جھوٹی درجہ بندی کی جس میں اس نے آئی ایس آئی کو دنیا کی نمبر ون سیکرٹ ایجنسی قرار دیا جس کا آج تک کوئی ایجنٹ نہیں پکڑا گیا انگریز جھوٹ بولتا ہے کہ آئی ایس آئی نے روس کے ٹکڑے ٹکڑے کیے یہ محض قصے کہانیاں ہیں کہ کلبھوشن یادیو جیسے انتہائی خطرناک جاسوس پکڑے گئے سابق بھارتی آرمی چیف بپن راوت کا دماغ سٹھیا گیا ہے وہ کہتا ہے کہ بھارتی وزیراعظم، آرمی چیف اور بھارتی خفیہ ایجنسی راء کی ایک انتہائی سیکرٹ میٹنگ کی معلومات میٹنگ ختم ہونے سے پہلے سرحد پار پہنچ جاتی ہیں پینٹا گون کے ترجمان کہتے ہیں کہ افغانستان میں ہمیں شکست دینے والا بہت شاطر اور چالاک ہے عجیب بات ہے دنیا کو ورطہ حیرت میں ڈالنے والی آئی ایس آئی حامد میر کو گولی مارتی ہے لیکن وہ بچ جاتے ہیں مطیع اللہ جان اور ساجد گوندل کو اغواء کرنے کی

کوشش کرتی ہے لیکن وہ بھی آئی ایس آئی کے چنگل سے نکل آتے ہیں اسد طور جیسے ایک تھپڑ کی مار کو کہنیاں مار کر واپس آجاتی ہے وقاص گورائیہ، سرل المیڈا، حسین حقانی اور گل بخاری جیسے شاہ پر فروش آئی ایس آئی کو چکمہ دے کر ملک سے فرار ہوجاتے ہیں قربان جاؤں ان ماؤں پر جنہوں نے ایسے سورماؤں کو جنم دیا بیچاری جنم دیتی مرکیوں نہیں گئیں آئی ایس آئی اور پاک فوج کو اتنا easy لینے والے بھارت، اسرائیل اور امریکہ جیسے طاقتور ممالک سے پوچھ دیکھیں تو پھر اپنی بوتھی آئینے میں دیکھ کر فیصلہ کریں کہ کیا ان کی اوٹ پٹانگ باتوں سے پاک فوج یا آئی ایس آئی کو کوئی فرق پڑے گا باقی نیشنل پریس کلب، راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹ (RIUJ) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ (PFUJ) اور دیگر صحافتی تنظیموں کو اس حوالے سے سوچنا ہوگا کہ اسطرح ہر بکری چور کے پیچھے بغیر تصدیق و تحقیقات کے کھڑے ہوجائیں گے تو ان اداروں کی ساکھ متاثر ہوں اگر کسی صحافی کیساتھ واقعی زیادتی ہو تو بلا خوف و خطر اس کیساتھ کھڑے ہوں اور بھرپور احتجاج کریں لیکن لڑکیوں کو چھیڑنے پر مار پڑنے یا سستی شہرت و شہریت حاصل کرنے کیلئے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرنے والوں کیلئے نیشنل پریس کلب اور صحافتی تنظیموں کے دروازے بند ہونے چاہئیں حامد میر اور ان جیسے مال بناؤ صحافیوں کا احتساب ہونا چاہئے کیونکہ یہ اسی ملک کی عزت داؤ پر لگاتے ہیں جس ملک نے انہیں یہ عزت، شہرت اور دولت دی ہوتی ہے دیار غار میں تو تین وقت کے وزیراعظم کو بھی چور چور کہہ کر پکارا جاتا ہے اور وہ بھی لائن میں لگ کر سودا سلف لیتے ہیں یہاں ان کے ٹھاٹھ باٹھ ایسے ہوتے ہیں کہ ان کے کھانے ہیلی کاپٹروں پر جاتے ہیں۔ ریاست کو سلامتی کے اداروں کیخلاف بات کرنیوالوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنا ہوگا تاکہ اس ففتھ جنریشن وار میں دشمن کو شکست ہو کیونکہ دشمن سامنے سے کبھی بھی نہیں جیت پائے گا اس لیے وہ اوچھے ہتھکنڈوں کا سہارا لے گا اور ملک میں افراتفری پھیلا کر ہلا بول دے گا۔ لہذا ہم سب کو آئی ایس آئی اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر دشمن کی ہر چال کا جواب دینا ہے تاکہ ہمارے دشمنوں کو پتہ چلے کہ اس قوم کو دشمن لاکھ توڑنے کی کوشش کرے لیکن جب بھی ملکی سلامتی اور اداروں کی بات آئے گی تو یہ قوم متحد ہوجائے گی اور دشمن کو منہ توڑ جواب دے گی آئیں ہم اس بات کا عہد کریں کہ اس ملک آن بان اور شان پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے اور اپنی فورسز کیساتھ ملکر ہر فورم پر اس کا دفاع اور حفاظت کریں گے۔ خداوند کریم میرے ملک اور اسکے رکھوالوں کو ہمیشہ سلامت رکھے۔ آمین

انجانے مسافر!!...

عینی پریشے

یہ راستے میری کمزوری ہیں۔ اور تمہیں پتا ہے اپنی کمزوریاں کسی کو بتانی نہیں چاہئے لیکن میں پھر بھی بتا رہی ہوں کیونکہ مجھے ان راستوں پر گھنٹوں واک کرنی ہے تمہارے ساتھ.. (وہ لوگوں کو اپنے ساتھ قید رکھنا چاہتی تھی جو اُسکے اپنوں میں شام ہو جاتا تھا، اور یہ بات تو طے تھی کہ وہ اُسے اپنوں کی لسٹ میں شامل کر چکی تھی بنا اُسکے بارے میں کچھ جانے" (.. اور اگر میں تمہارے ساتھ نا چلنا چاہوں تو.؟؟؟ وہ جو تیز تیز قدم اُٹھاتی، اُس سے آگے نکل چکی تھی اُس کی بات پر وہی ٹھہر گئی ".. فاصلہ دونوں کے درمیان تھا، چند سیکنڈز کا.. "تو نا چلنا سمپل!!! .. (جو قید سے آزادی چاہئے اُسے قید رکھنا نری بے وقوفی تھی یہ اُسکا ماننا تھا) "اُس نے پھر سے چلنا شروع کر دیا.. "اب وہ تیز تیز چلتا، فاصلہ کم کرنی کی کوشش میں تھا".. پندرہ سیکنڈز میں وہ اُسکے ہم قدم چل

رہا تھا، پندرہ سیکنڈز کا بھی کوئی فاصلہ ہوتا ہے وہ مسکرایا ".. تمہیں دکھ نہیں ہوگا.؟؟ اُس نے دیکھا وہ ہینڈ فری کانوں میں لگا رہی تھی، "(وہ یہ تب ہی کرتی تھی جب وہ کسی کی بات سے بہت زیادہ دکھی ہو جاتی تھی خود کو منظر سے غائب کرنے کے لیے ہینڈ فری لگا کر سانگز سننا شروع ہو جاتی تھی " (.. نہیں مجھے کیوں دکھ ہونا .؟؟؟ دکھ وہاں ہوتا ہے جہاں کوئی رشتہ، کوئی تعلق ہو ""... اور وہ جو کچھ رشتے، تعلق خاموشی میں بنتے ہیں جن کی کوئی زبان نہیں ہوتی، جن کو بتانے کے لئے کوئی لفظ نہیں ملتے ان تعلق کا کیا ".؟؟؟ "وہ اُس سے پوچھ رہا تھا) "جس کو وہ ابھی ابھی اک نیا دکھ دے چکا تھا)(بظاہر اُن دونوں کا کوئی تعلق کوئی رشتہ نہیں تھا، لیکن کچھ تھا جو سب سے الگ تھا، وہ ہر روز آتی تھی جانے کہاں سے واک کرنے، اُس نے کبھی پوچھنے کی کوشش ہی نہیں کی کچھ، بس گھنٹہ بھر اُسکے ساتھ واک کرتی نان سٹاپ بولتی اور چلی جاتی " (. ہر رشتے

، ہر تعلق کی زبان ہوتی ہے چاہے وہ جیسا بھی ہو خاموشی والا یا بہت شور مچانے والا! .. "اب وہ اُسکے سامنے کھڑا تھا، اک نظر اُسکی طرف دیکھا پھر ہاتھ بڑھا کر ہینڈ فری اُسکے کانوں سے الگ کی " ".. اور تمہیں جب دکھ ہوتا تم لوگوں کی باتیں، رویئے جملے سب سانگز سنتے ہوئے بھولنے کی کوشش کرتی ہو " "... وہ اُسکی آنکھوں میں دیکھتا ہوا پوچھ رہا تھا، جہاں پر ہلکی سی نمی نے جگہ بنانی شروع کر دی تھی". (وہ اتنے سے دنوں میں جان چکا تھا کہ اُسے کب کس بات سے دکھ ہوتا ہے، کب کہاں کونسے لفظ دکھ دیتے ہیں) "اِک گھنٹہ ہونے کو تھا اُس نے کلائی پر بندھی گھڑی دیکھی اُسکے پاس ان راستوں پر واک کرنے کے لیے جسٹ اک گھنٹہ ہوتا تھا" ..چھے منٹ باقی تھے " .. اُس نے اُسکی بات نظر انداز کی اُسکے ہاتھوں سے ہینڈ فری لی قدم آگے بڑھا دیئے. "(وہ جو کوئی بھی تھا لیکن تھا تو محض راہ چلتا مسافر وہ سوچ کر رہ گئی (. "میں الجھ جاتا ہوں تمہارے اس ایٹی ٹیوڈ سے "..وہ قدرے اونچا چلایا".. تین منٹ بارہ سیکنڈز باقی" ".. تمہیں پتا ہے مجھے الجھن یا دکھ تب ہوتا ہے جب ساتھ چلنے والا راستے

میں ساتھ چھوڑنے کی طرف توجہ دلانی شروع کردے" "...وہ چلتے چلتے اونچی آواز میں بولتی جارہی تھی" ". فاصلہ پندرہ سے بڑھ کر پچیس منٹ ہو چکا تھا" "..وہ الجھن میں وہی کھڑا فاصلہ بڑھتے دیکھ رہا تھا". ". ایک منٹ سات سیکنڈز" "..اُس نے پھر سے گھڑی کی طرف دیکھا" ".. میری اماں کہا کرتی ہیں"" "..جو سفر شروع ہونے سے پہلے ہی سفر اور راستے چھوڑنے کی باتیں کرنے لگیں، اُن پر اعتبار نہیں کرنا چاہیے .. اگر اُن کی باتوں پر یقین کرو گی تو خطا ہی کھاؤ گی" .. "خدا- حافظ !!. "..وہ اونچی آواز میں چلائی".. اُسے لگا وہ رو رہی ہے ".) .ہاں وہ روتی تھی، ہر تعلق، رشتے کہ ٹوٹنے پر) "اُس نے فاصلہ کم کرنے کے لیے قدم بڑھائے".. لیکن اُسکے قدم وہی زنجیر ہو چکے تھے"..وہ کہیں نہیں تھی، بس اُسکے آخری لفظ تھے ... خدا- حافظ!! "فاصلہ پچیس سیکنڈز سے بڑھ کر سالوں کے ہندسے عبور کر چکا تھا "(وہ مسکرایا اُسے اُسکا انتظار کرنا تھا چاہیے سالوں کرنا پڑے وہ اُسے بتانا چاہتا ہے کہ وہ اُسکے ساتھ گھنٹوں تو کیا صدیوں ان راستوں پر چل سکتا ہے، وہ آئے گی وہ جانتا تھا)

دانیہ پر شدید تنقید، ارمینا رانا اور یشما گل دفاع میں سامنے آگئیں

کراچی (این این آئی) معروف ٹی وی میزبان اور رکن قومی اسمبلی عامر لیاقت کی وفات کے بعد سوشل میڈیا پر ان کی تیسری اہلیہ دانیہ ملک کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ سوشل میڈیا صارفین عامر لیاقت کی موت کا سبب دانیہ کو قرار دے رہے ہیں، صارفین کے مطابق دانیہ نے عامر لیاقت کی ذہنی حالت خراب کی اس لیے وہی ان کی موت کی سب سے بڑی ذمہ دار ہیں۔ تاہم اب دانیہ شاہ کی حمایت میں اداکارہ ارمینا رانا خان اور یشما گل سامنے آئی ہیں۔ اداکارہ ارمینا نے انسٹاگرام اسٹوری پر ایک پوسٹ شیئر کی جس پر لکھا تھا کہ مانو یا نہ مانو، دانیہ نے عامر لیاقت کو کھالیا ہے۔

کوشش ہے میرے کرداروں میں یکسانیت نہ ہو،

عدنان جیلانی بیک وقت تین ڈرامہ سیریلز میں کام کرنے میں مصروف

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار عدنان جیلانی بیک وقت تین ڈرامہ سیریلز میں کام کرنے میں مصروف ہیں۔ اداکار عدنان جیلانی کی نجی ٹی وی سے ایک ڈرامہ سیریل ''ایک ستم اور سہی'' آن ائیر ہے، جس کی شوٹنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اس ڈرامے کے کے ہدایتکار ایاز کاشمیری ہیں جبکہ اس کی دیگر کاسٹ میں جویریہ عباسی، ساجد حسن، ماریہ واسطی، عائشہ گل، جویریہ عباسی اور دیگر شامل ہیں۔ نجی ٹی وی کے لئے دوسری ڈرامہ سیریل ''پہچان'' ہے جس کی ہدایتکارہ یاسرہ رضوی ہیں اس میں عدنان جیلانی کے ہمراہ ثانیہ سعید، شمیم ہلال، عدنان شاہ ٹیپو، حاجرہ یامین اور عاریفہ سمیت دیگر اداکار کردار نبھا رہے ہیں۔

نعمان اعجاز نے سب کچھ ادب اور احترام کی وجہ سے حاصل کیا' فردوس جمال

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار فردوس جمال نے کہا ہے کہ محبت کی پہلی شرط احترام ہے، نعمان اعجاز بہت بڑا اداکار ہے اور اس نے یہ سب کچھ ادب اور احترام کی وجہ سے حاصل کیا ہے۔ ایک انٹرویو میں فردوس جمال نے کہا کہ ہم جرمنی میں ایک ڈرامہ سیریل کی ریکارڈنگ میں مصروف تھے۔ اس ڈرامے میں میرا کردار ایک میراثی کا تھا جو غیر قانونی طور پر جرمنی پہنچتا ہے جبکہ نعمان اعجاز وکیل کا کردار نبھا رہے تھے۔ مجھے خود کو قانونی تسلیم کرانے کیلئے نعمان اعجاز سے التجا کرنی تھی اور اسی دوران میں نعمان اعجاز کے قدموں میں گر گیا۔

دیپکا پڈوکون اچانک طبیعت بگڑنے پر اسپتال منتقل

ابتدائی طبی امداد کے بعد واپس شوٹنگ سیٹ پر لوٹ آئیں

ممبئی: بالی ووڈ کی سپر اسٹار اداکارہ دیپکا پڈوکون کو فلم کی شوٹنگ کے دوران طبیعت خراب ہونے پر اسپتال منتقل کیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق معروف اداکارہ ان دنوں بھارتی شہر حیدرآباد میں فلم 'کے' کی شوٹنگ میں مصروف ہیں جہاں سیٹ پر دیپکا کی حالت اچانک بگڑی اور دل کی دھڑکن تیز ہوگئی جس پر انہیں فوری اسپتال منتقل کیا گیا، اب اداکارہ کی حالت بہتر ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اسپتال میں دیپکا پڈوکون معائنے اور ابتدائی طبی امداد کے بعد واپس شوٹنگ سیٹ پر لوٹ آئیں۔ اداکارہ 'کے' فلم میں پہلی بار ہدایت کار پر ابھاس کے ساتھ کام کر رہی ہیں، اس فلم میں دیپکا کے ساتھ بالی ووڈ کے شہنشاہ امیتابھ بچن بھی اداکاری کے جوہر دکھاتے ہوئے نظر آئیں گے۔

فلمساز نے اداکارہ مہک نور کیخلاف شکایت درج کروادی

مہک کے منیجر اُنہیں فون پر جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں

لاہور (سی ایم لنکس) فلمساز شیخ اکرم نے اداکارہ مہک نور کے خلاف پولیس اسٹیشن میں ایک شکایت درج کروادی ہے۔ شیخ اکرم نے درخواست میں یہ دعویٰ کیا ہے کہ مہک نور نے 2 لاکھ 25 ہزار روپے میں ان کی فلم کا کام مکمل کروانے کا معاہدہ کیا تھا۔ انہوں نے مہک نور پر الزام عائد کیا کہ اداکارہ نے 1 لاکھ 25 ہزار روپے وصول کرنے کے بعد فلم کو ادھورا چھوڑ دیا۔ فلمساز کا یہ بھی کہنا ہے کہ مہک کے منیجر اُنہیں فون پر جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ شیخ اکرم کی جانب سے دائر کی گئی درخواست میں یہ بھی کہا گیا ہے۔

مشی خان نے عامر لیاقت پر بنائی گئی ویڈیوز پر معافی لی

ویڈیوز میں میرے الفاظ کا انتخاب غلط تھا، مجھ سے غلطی ہوئی

کراچی (این این آئی) اداکارہ مشی خان نے عامر لیاقت حسین کی زندگی میں ان پر کی جانے والی تنقید پر معافی مانگ لی۔ مشی خان نے گزشتہ کچھ روز میں اپنے انسٹاگرام پر شیئر کردہ ویڈیوز میں عامر لیاقت حسین کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا تھا جب کہ اب اداکارہ نے ان کے دنیا سے چلے جانے کے بعد ایک ویڈیو شیئر کی ہے۔ اداکارہ نے ویڈیو میں کہا کہ میرے دل پر 2 دن سے بوجھ ہے، مجھے ان کی وفات پر بہت دکھ اور افسوس ہے، میں بہت شرمندہ ہوں اور ساتھ ہی معذرت بھی کرنا چاہوں گی، وہ اس دنیا میں نہیں ہیں، میرے دل پر بوجھ تھا اسی لیے ویڈیو نہیں بنا سکی۔ مشی خان نے کہا کہ 'انسان جذبات میں آ کر کافی کچھ غلط کر جاتا ہے، میرے اس رویے کی وجہ شاید یہ تھی کہ میں انہیں ان کی شخصیت اور معلومات کی وجہ سے کافی پسند کرتی تھی۔

گوتم گمبھیر کی ٹویٹ پر بھارتی اداکارہ سوارا بھاسکر کی تنقید

انکو بلڈوزر کی آواز کیوں سنائی نہیں دے رہی، سوارا بھاسکر

نئی دہلی: بھارت میں حکمراں جماعت بی جے پی کے رہنماؤں کی جانب سے نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخانہ بیانات کے بعد مختلف شعبوں کے نامور نام بھی ان تبصروں پر اپنا ردعمل دے رہے ہیں۔ بھارتی اداکارہ سوارا بھاسکر نے انسٹاگرام اسٹوری پر گوتم گمبھیر کے ٹویٹ کو شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ انکو بلڈوزر کی آواز نہیں سنائی پڑ رہی لیکن! سابق کرکٹر گوتم گمبھیر نے ٹویٹ میں لکھا تھا کہ ''معافی مانگنے والی خاتون کے خلاف پورے ملک میں نفرت اور جان سے مارنے کی دھمکیوں پر نام نہاد 'سیکولر لبرلز' کی خاموشی یقینا کان بند کر لینے کے مترادف ہے

برطانوی ہائی کمشنر اور چیئرمین پی سی بی کے درمیان ملاقات

دونوں ٹیموں کے مابین سنسنی خیز کرکٹ دیکھنے پاکستان آنا چاہتے ہیں، رمیز راجہ

لاہور (این این آئی) برطانوی ہائی کمشنر کرسٹن ٹرنر اور چیئرمین پی سی بی رمیز راجہ کے درمیان قذافی اسٹیڈیم میں ملاقات ہوئی جس میں انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے دورہ پاکستان پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین پی سی بی رمیز راج نے کہا کہ پاکستان بمقابلہ انگلینڈ سیریز کی میزبانی کیلئے پرجوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انگلینڈ کرکٹ ٹیم نے رواں سال دو مرتبہ پاکستان کا دورہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انگلش فینز اور کرکٹ ماہرین دونوں ٹیموں کے مابین سنسنی خیز کرکٹ دیکھنے پاکستان آنا چاہتے ہیں۔ برطانوی ہائی کمشنر کرسٹن ٹرنز نے کہا کہ کرکٹ ہمارے خون میں ہے، یہ کھیل دونوں ممالک کو جوڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان 75 سالہ دوستی کا بھی جشن منا رہے ہیں۔

پہلی ویمن ایم ایم اے فائٹر انیتا کریم نے آسٹریلین حریف کو ناک آؤٹ

آسٹریلوی حریف کے خلاف فائٹ جیتنے کے بعد اپنے مداحوں کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی پہلی ویمن مکسڈ مارشل آرٹ (ایم ایم اے) فائٹر انیتا کریم نے تھائی لینڈ میں کم سے کم وزن کی کیٹیگری میں آسٹریلین فائٹر یوئن ہا کو ناک آؤٹ کردیا۔ ہنزہ سے تعلق رکھنے والی انیتا کریم گزشتہ دنوں تھائی لینڈ کے دارالحکومت بنکاک کے مشہور لم پنی اسٹیڈیم میں آسٹریلین فائٹر یوئن ہا کے مدمقابل آئیں۔ فائٹ کے تین راؤنڈز میں پاکستانی ایم ایم اے فائٹر حریف پر حاوی رہیں جس کے بعد انہوں نے آسٹریلین فائٹر یوئن ہا کو ناک آؤٹ کرتے ہوئے کامیابی حاصل کی۔ انیتا کریم نے آسٹریلوی حریف کے خلاف فائٹ جیتنے کے بعد اپنے مداحوں کا شکریہ ادا کیا۔

جان سینا کی ڈاؤن سینڈروم میں مبتلا یوکرینی مداح سے ملاقات

کروڑوں یوکرینی شہری بے گھر جبکہ لاکھوں دوسرے ممالک میں ہجرت پر مجبور ہوئے

ماسکو (کلچرل ڈیسک) معروف امریکی ریسلر جان سینا روسی حملے کے باعث یوکرین سے ہجرت کرنے والے ڈاؤن سینڈروم میں مبتلا مداح سے ملاقات کیلئے پہنچ گئے۔ یوکرین پر روسی حملے کو تین ماہ سے زائد ہوچکے ہیں، اس دوران کروڑوں یوکرینی شہری بے گھر جب کہ لاکھوں دوسرے ممالک میں ہجرت پر مجبور ہوئے۔ ہجرت کرنے والے یوکرینی شہریوں ایک ڈاؤن سینڈروم کا شکار 19 سالہ نوجوان مشا بھی ہے جو اپنا گھر تباہ ہونے کے باعث اپنی ماں کے ہمراہ یوکرین سے جان بچا کر پڑوسی ملک میں پناہ لینے پر مجبور ہے



عمران ملک جیسے نوجوان کو دیکھ کر پھر سے پرجوش ہو رہا ہوں، سنیل گواسکر

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سنیل گواسکر نے کہا ہے کہ عمران ملک جیسے نوجوان کو دیکھ کر پھر سے پرجوش ہو رہا ہوں۔ بھارتی میڈیا سے بات کرتے ہوئے سنیل گواسکر نے کہا کہ آخری مرتبہ میں جس بھارتی نوجوان کھلاڑی کو دیکھ کر بہت پُرجوش ہوا تھا وہ سچن ٹنڈولکر تھا اور اب عمران ملک جیسے نوجوان کو دیکھ کر پھر سے پُرجوش ہو رہا ہوں۔ جنوبی افریقا کے خلاف دو ٹی 20 میچز میں شکست پر سنیل گواسکر نے تیسرے میچ کی تبدیلیوں پر اپنا موقف پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ارشدیپ سنگھ اور عمران ملک جیسے نوجوانوں کو تیسرے ٹی 20 میں جنوبی افریقا کے خلاف ٹیم میں شامل کرنا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارتی ٹیم کو تیسرا ٹی 20 میچ جیتنا بہت ضروری ہے۔ خیال رہے کہ 5 ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز میں جنوبی افریقا نے ابتدائی دونوں میچز جیت لیے ہیں۔

بقیہ 1

گیا ہے، امریکہ کے شہر فیلڈلفیا (پنسلوانیا) میں AFL-CIO کے زیر اہتمام امریکن فیڈریشن آف لیبر کانگریس اینڈ انڈسٹریل آرگنائزیشن کی 29ویں آئینی کنونشن کے انعقاد کے موقع پر کویت ٹریڈ یونین فیڈریشن کے رہنماؤں عبدالعزیز سعود الاعظمی اور سیکرٹری فارن ریلیشن محمد الارادھا اور پاکستان ورکرز فیڈریشن کی طرف سے ڈپٹی جنرل سیکرٹری محمد سعد اور سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) کی طرف سے مرکزی ترجمان احمد علی شیرازی نے الگ الگ معاہدوں پر دستخط کیے، یونینز کے درمیان یہ طے پایا کہ دنیا کو جنگ کی بجائے امن، پیار اور محبت سے رہنا چاہیے تاکہ ان کے معاشی حالات سازگار ہوسکیں اور معیشت میں مزید بہتری لائی جاسکے، دونوں ملکوں کے مزدوروں کو معاشی طور پر مضبوط کرنے کے لیے محنت کی ضرورت ہے جس کے لیے دونوں ٹریڈ یونینز ملکر کام کریں گی اور آپس میں وفود کی سطح پر دونوں ملکوں کے دوروں، ٹریننگ پروگرامز منعقد کرانے سمیت خبروں کا تبادلہ کیا جائے گا تاکہ ایک دوسرے کے حالات و واقعات سے آگاہی حاصل ہوسکے گی۔

بقیہ 2

صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک چھٹہ بختاور، اسلام آباد فیڈمل، جھٹہ ہتھیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، ریلائنس ویونگ مل، انڈسٹریل، بھل، جرار کمیپ، چراہ، نیو روات، اولڈ روات، سپارکو، نیو وحید آباد، برما، پنڈ پران، سنگجانی، پسوال، شاہ اللہ دتہ، سرائے خربوزہ، حسین آباد، احمد نگر، بُرہان، کوہسار ویلی، شفیع چوہان، بوہی گھر، سالار گاہ، ہرو، غوری، غورغشتی، مسکین آباد، موسا، شھنکہ، نڑتوپہ اباره زری، ویسا، دریا شریف، نیوی-I&II، کاشف گل، ماڈل ٹاؤن، میکس انڈسٹریل، کوہستان، 502 بیڈ ہسپتال، انڈسٹریل، بٹس آباد، حضرو، گگن، سٹی ٹو، لانی والا، سجاد شہید، رورل، ونہار، دروٹ، کھوئیاں، میال، چکری، ارسلان پولٹری فارم، ایس پی ڈی، پڑیال، گگن، چھان، مھوٹہ، ریور گارڈن، سواں گارڈن-II، بولانی، کریالہ، چپ بورڈ، انڈسٹریل، بورین، چپلی، بلکسر، ریس کورس، عسکری XI، مصریال روڈ، ریلوے کالونی، نیو ویسٹریج، اقبال روڈ، امیر حمزہ، ریڈیو پاکستان، ملت آباد، ریج روڈ، ڈھوک چوہدریاں، چیئرنگ کراس، ویسٹریج، نیو ریس کورس، پشاور روڈ فیڈرز، صبح 06:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک بیروٹ گالا، دربار مائی ٹھوٹی، کھوئی رٹہ سٹی، چڑھوئی ایکسپریس، دانا بھیال، چڑھوئی ڈھونگی، سری، سٹی، کریالہ، دندروٹ ڈبی، ددوٹ، موجان، چڑھوئی، سٹی-II فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 3

کے تعزیرات پاکستان کی دفعہ 355 کے تحت مقدمہ درج کرلیا ہے اور لاوارث بزرگ کو اپنی تحویل میں لے کر محفوظ مقام پر منتقل کردیا ہے۔

بقیہ 4

تفصیلات کے مطابق 6جون کی سہ پہر معمول کی ڈیوٹی کرنے کے بعد ڈاکٹر عمر آواب ہسپتال سے اپنی گاڑی میں گھر کے لئے روانہ ہوئے، گھر نہ پہنچنے اور رابطہ نہ ہونے پر ڈاکٹر عمر آواب کے داماد کی جانب سے تھانہ دتہ امرال میں دفعہ 365 کے تحت ڈاکٹر عمر آواب کے لاپتہ ہونے کا مقدمہ درج کرایا ہے۔ پولیس نے معاملے کی تفتیش شروع کردی ہے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق ڈاکٹر عمر آواب کے زیر استعمال گاڑی بے نظیر بھٹو ہسپتال کی پارکنگ سے مل گئی ہے۔

بقیہ 5

جماعتوں کے قائدین پر کرپشن کے سنگین الزامات ہیں، جن کا جواب ابھی تک کورٹس میں دینا باقی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملزمان کی جانب سے احتساب کے ادارے کے خاتمے پر اصرار نظام انصاف سے فرار، چوری بچانے کی کوشش ہے، انصاف پر مبنی کسی نظام میں ملزم کو قاضی بننے کی اجازت ہرگز نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف نے فیٹف پر قانون سازی کیلئے تعاون مانگا تو بھی یہ جماعتیں نیب کے خاتمے کا پیکیج لیکر آئیں، نیب یا نظام احتساب پر حملوں کی بجائے امپورٹڈ سرکار میں شامل جماعتیں خود پر لگے الزامات کا جواب دیں۔

بقیہ 6

نے کہا کہ وہ صحافیوں کو روکنے پر اندر بات کریں گے۔ اس موقع پر علی حیدر گیلانی بھی صحافیوں کے احتجاج میں شریک ہوگئے۔

بقیہ 7

چکے ہیں دکانداروں کے مطابق رات کو نشئی نشے میں دھت ہوکر دکانوں کے آگے سو جاتے ہیں جب صبح دکاندار دکانیں کھولنے کے لیے آتے ہیں تو انکو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے بدبودار خوفناک نشئیوں کو جب دکان کے تھڑے خالی کرنے کے لیے جب کہا جاتا ہے تو آگے دکانداروں کے ساتھ لڑائی جھگڑا شروع کردیتے ہیں پہلے شہر میں چند گنے چنے نشئی ہوتے تھے اب اتنے قلیل وقت میں شہر میں عورتوں بوڑھے بچوں سمیت نشئیوں کی تعداد سینکڑوں میں ہوگی ہے جو کہ لمحہ فکریہ ہے ان میں سے اکثر نشے کے پیسے نہ ہونے کی وجہ سے شہر میں چوری ڈکیتی کی وارداتیں کرتے ہیں پولیس تھانہ گوجر خان بھی اس مسلے پر عدم توجہی برت رہی ہے جو کہ پولیس کا اس مسلے پر غور نہ کرنا اور نشئیوں کو کھلی چھوٹ دینا سمجھ سے بالاتر ہے اس طرح کھلے عام چھوٹ دینا اور نشئیوں کا سرعام نشہ کرنا گوجر خان شہر کے باسیوں اور خاص کر نوجوان نسل کے سخت خطرناک ثابت ہوسکتا ہے جن کی دیکھا دیکھی نوجوان نسل بھی اس جانب راغب ہوسکتی شہریوں اور دکانداروں نے پولیس کے اعلیٰ احکام سے اس مسلے پر نوٹس لینے کی اپیل کی ہے

بقیہ 8

مشیر، معاونین خصوصی، چیف سیکریٹری، پرنسپل سیکریٹری اور دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبہ سندھ کے وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ نے کہا کہ یہ غریبوں کا بجٹ ہے، جس میں سماجی تحفظ اور معاشی استحکام کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بہترین بجٹ کابینہ اراکین اور اسٹاک ہولڈرز کی معاونت سے بنایا گیا ہے۔ اجلاس کے دوران صوبائی وزیر گیانچند اسرانی نے کابینہ سے کوہستان میں صحت کی سہولتوں کے لیے خصوصی پیکیج دینے کی استدعا بھی کی۔

بقیہ 9

مہنگی کرنا شرمناک عمل ہے، شہری شدید لوڈ شیڈنگ کیعذاب میں مبتلا ہیں، دوسری طرف روز بجلی مہنگی کی جارہی ہے امپورٹڈ حکومت ایسٹ انڈیا کمپنی طرز پر حاکمیت کر کے عوام سے ناجائز لگان وصول کررہی ہے۔

بقیہ 10

پندرہ ارکان اسکا حصہ ہیں لیکن وہ اپنی اس عددی برتری کو وزارتوں کے حصول کے لیے تو استعمال کرسکتے ہیں کاش وہ اس عددی برتری کو سودی نظام کے خاتمے اور دیگر شرعی قوانین پر عملدرآمد کے لیے بروئے کار لاتے تو پھر نوازشریف کے دامن میں پناہ گزین بننے کا جواز بھی فراہم ہوسکتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا المیہ ہے کہ ہم دیگر سیاسی پارٹیوں کے لیے بیساکھی تو بن جاتے ہیں لیکن آپس میں ایک دوسرے کے اختلاف رائے کو برداشت کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت کی حالت اس وقت تک سنبھل نہیں سکتی جب تک کہ ''سودی نظام'' سے چھٹکارا حاصل نہیں کیا جاتا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے سودی نظام کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے براہ راست جنگ قرار دیا ہے اور اللہ اور اس کے پیارے حبیب ﷺ سے جنگ جیتی نہیں جاسکتی۔

بقیہ 11

اسی طرح حاجی میرزا محمد آفریدی انسانیت کی خدمت بھی ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں تاریخ میں حاجی میرزا محمد آفریدی نے لوگوں کے فلاح و بہبود اور استحکام، انسانیت کے لئے جو خدمات سرانجام دیں وہ تاریخ کا ایک ایسا سنہری باب ہے جو روز ہمیشہ دمکتا رہے گا۔ اس نے قوم کے لوگوں کی خدمات انسانیت کیلئے مشعل راہ ہیں۔

بقیہ 12

سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے مطابق مجموعی طور پر عازمین نے انتظامات کو تسلی بخش قرار دیا۔ انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ حرم کے انتہائی قریب رہائش کے باعث انہیں پانچ وقت نماز مسجد نبوی میں ادا کرنے کا موقع میسر آرہا ہے۔ کھانے سے متعلق انہوں نے کہا کہ کھانا بھی ایک موثر نظام کار کے تحت فراہم کیا جارہا ہے اور مجموعی طور پر کھانے کا معیار انتہائی مناسب ہے۔ تاہم چند ایک عازمین حج نے ذیابیطس اور دیگر بیماریوں کے باعث متبادل کھانا فراہم نہ کرنے کی شکایتیں کیں۔ بعض رہائش گاہوں پر عازمین حج نے ابتدائی دنوں میں بروقت کھانا نہ پہنچنے، ٹھنڈی روٹی فراہم کرنے اور ان کی مرضی کے برعکس کھانا فراہم کرنے کی بھی شکایت کی وزارت مذہبی امور کی جانب سے مدینہ منورہ میں تعینات فوڈ انچارج فیض عمر سیال نے ریڈیو پاکستان کے نمائندے اعجاز حسین کو بتایا کہ تیس رہائش گاہوں میں عازمین حج کو کھانا فراہم کرنے کیلئے گیارہ کیٹرنگ کمپنیوں کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ گزشتہ روز 14676 عازمین حج کو کھانا فراہم کیا گیا۔ شکایتوں سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے فوڈ انچارج نے کہا کہ ابھی تک عازمین کی طرف سے حج مشن کو کھانے کے حوالے سے 6 شکایات موصول ہوئی ہیں جن کا ازالہ کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم حاجیوں کی خدمت کے لئے دن رات کوشاں ہیں ہماری پوری کوشش ہوتی ہے کہ عازمین کو بروقت معیاری کھانا فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ذیابیطس کے مریضوں کی آسانی کیلئے انہیں متبادل کھانا فراہم کرنے کا انتظام کرلیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مدینہ منورہ میں بھارتی مسلمان کھانے کے معاملے میں سخت پریشانی کا سامنا کررہے ہیں جبکہ پاکستانی عازمین حج وزارت حج کے انتظامات کے باعث مطمئن ہیں۔ دریں اثناء عازمین کو ریاض الجنہ میں نوافل کی ادائیگی کیلئے موبائل ایپ اعتمرنا کے ذریعہ اجازت نامہ کے حصول کے حوالے سے شدید مشکلات کا سامنا ہے استعمال اور طریقہ کار سے لاعلمی کی وجہ سے موبائل ایپ عازمین کیلئے مشکل ہے۔ اس مسئلے کے حل کیلئے حج مشن کی جانب سے مسجد نبوی کی انتظامیہ سے بات چیت ہوچکی ہے اور یہ طے پایا ہے کہ رہائش گاہ انچارج روزانہ عصر سے مغرب کے درمیان سو سے ڈیڑھ سو عازمین بغیر کسی پیشگی اجازت کے اس مقام مقدس پر عبادت کیلئے داخل ہوسکیں گے۔

بقیہ 13

پر تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن پولیس نیمتولہ کے بھائی جاوید اقبال کی مدعیت میں مقدمہ قتل درج کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ گزشتہ روز فاضل عدالت کے جج سرفراز اختر نے مقدمہ قتل کا فیصلہ سناتے ہوئے جرم ثابت نہ ہونے پر ملزم ہمایوں سلیمی کو بری کردیا۔

بقیہ 14

بھاگھیسٹ پور میں نوجوان تبسم نے فائرنگ کر کے اپنی حقیقی بہن ثنائی بی بی اور اس کے سابق شوہر ندیم کو قتل کردیا اور فرار ہوگیا۔ ابتدائی طور پر انکشاف ہوا کہ مقتول ندیم نے اپنی سابقہ بیوی ثنا بی بی کو طلاق دی تو دونوں نے اپنی اپنی جگہ شادیاں کرلیں اور مقتولہ ثنائی بی بی کا ایک بیٹا اس کے پاس اور دوسرا سابق شوہر ندیم کے پاس تھا۔ گزشتہ روز بچوں پر دونوں بات چیت کرتے پائے گئے تو ملزم نے فائرنگ کرکے دونوں کو قتل کر دیا۔ پولیس تھانہ ڈنگہ نے مقتول اور مقتولہ کی نعشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر کے مقتول ندیم کے بھائی وسیم سکنہ ڈھوک کاسب کی رپورٹ پر مقتولہ قتل درج کرلیا اور ملزم کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 15

کے 6 کردی گئیں جبکہ صوبائی اسمبلی میں بھی قبائلی اضلاع کی نشستیں کم رکھی گئی ہیں۔ آئینی ترمیم کے ذریعے پسماندگی کی بنیاد پر قبائلی اضلاع کی قومی اسمبلی کی 12 نشستوں کو بحال کیا جائے۔ صوبائی اسمبلی میں بھی قبائلی اضلاع کی نشستیں 16 سے بڑھا کر 24 کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی اضلاع کی ذمہ داری خیبر پختونخوا حکومت پر ڈال دی گئی ہے لیکن وسائل اب بھی وفاق کے پاس ہیں۔ قبائلی اضلاع کی نشستوں کیلئے جماعت اسلامی حکومت کیساتھ ضرور بات کریگی۔ نشستوں کی کمی سے متعلق پہلے سے خدشات موجود تھے لیکن ہم نے کوئی کردار ادا نہیں کیا۔ ان خیالات کا اظہار شاہ جہان آفریدی نے اپنے حلقہ نیابت میں ایک قومی جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر آفریدی قبیلے کے مختلف اقوام کے مشران اور عوام کی کثیر تعداد موجود تھیں۔ انہوں نے کہا کہ پرائیویٹ ممبر بل کی حیثیت ہمارے قانون ساز اداروں میں کچھ بھی نہیں ہوتی، حکومت آنے والے انتخابات سے پہلے پہلے خود اس میں دلچسپی لے اور قبائلی علاقوں کی قومی و صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ کے بل کو منظور کر کے نشستوں میں اضافہ کرے، تاکہ فاٹا کو مکمل اور بھرپور نمائندگی مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ فیڈرل ڈیوزبل پول میں صوبوں کو جو حصہ مل رہا ہے اس میں خیبر پختونخوا کے حصے کو نہیں بڑھایا گیا ضم اضلاع کے لئے ڈیوزبل پول سے کوئی فنڈ نہیں ملا۔ قبائلی اضلاع کا صوبے میں ضم ہونے کے بعد خیبر پختونخوا کا ڈیوزبل پول سے فنڈز میں اضافہ کرنا چاہئے۔ 2010ء کے بعد سے اب تک خیبر پختونخوا کا حصہ 14.62 فیصد ہے، وفاق کو ملنے والے 42.5 فیصد میں سے 3 فیصد خیبر پختونخوا کو دے کر انضمام کے بعد فاٹا کا حصہ ڈیوزبل پول میں 17.62 کیا جائے۔ یہ وفاقی حکومت کے فرائض میں شامل ہے، وفاقی حکومت اپنے فرائض سے پہلو تہی کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان دونوں مسائل پر بروقت حکومت کے ساتھ بیٹھنے اور بات کرنے کے لئے تیار ہیں۔ مسائل گفت وشنید سے ہی حل ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضم اضلاع کے فنڈز پر کٹ لگانا ظالمانہ اقدام ہے۔ قوم نے ہمارے اوپر اعتماد کیا تو ہم ضم اضلاع کو وہ سارے حقوق دلائیں گے جن سے انہیں محروم رکھا گیا ہے۔ اس حوالے سے 16جون 2022 بروز جمعرات صبح 10 بجے پشاور پریس کلب میں ایک گرینڈ قومی جرگہ منعقد کیا جائے گا اور آئندہ کیلئے لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

بقیہ 16

کریں اور اپنی شکایات درج کروائیں تاکہ خودساختہ مہنگائی کرنیوالوں کی سرکوبی کی جائے

بقیہ 17

مختلف شاہراہوں پر سپیڈ کیمرہ نصب کر کے گزشتہ ماہ تیز رفتاری اور غلط اوورٹیکنگ کرنے والوں کے خلاف کاروائی کے دوران 952 چالان کیے۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی نوید ارشاد کا کہنا تھا کہ شاہراہوں پر سپیڈ کیمرہ لگانے سے تیز رفتاری سے ہونے والے حادثات میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی، تیز رفتاری اور غلط اوورٹیکنگ کرنے والے اپنے ساتھ دوسروں کی زندگی کو بھی خطرے میں ڈالتے ہیں جسکی روک تھام کے لئے سپیڈ کیمروں کا استعمال انتہائی ضروری ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ راولپنڈی ٹریفک پولیس کی اولین ترجیح عوام کے سفر کو آسان اور زندگی کو محفوظ بنانا ہے جس کے لیے وہ تمام اقدامات کیے جارہے ہیں جس سے قیمتی جانوں کو بچایا جاسکے۔

بقیہ 18

تحصیل جتوئی 4، تحصیل علی پور 5 اور تحصیل چوک شرور شہید میں 3 درج ذیل سیلز کھاد پوائنٹس بنادیئے گئے ہیں۔ جہاں پر کسان 1850 روپے فی بوری کھاد خرید سکے گے۔ ڈپٹی کمشنر مظفرگڑھ کے حکم کے مطابق کسی قسم کی شکایت کی صورت میں متعلقہ تحصیل کے اسسٹنٹ کمشنر سے رابطہ کریں۔

بقیہ 19

علی، سیکریٹری لیبر سندھ لئیق احمد اور سیکریٹری لیبر پنجاب لیاقت علی چٹھہ نے کی جبکہ آجروں کی نمائندگی ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان (ای ایف پی) کے نائب صدر اور آئی ایل او کی گورننگ باڈی کے متبادل رکن ذکی احمد خان اور ایمپلائرز ڈیلیگیٹ کے مشیر فصیح الکریم صدیقی نے کی۔ ورکرز کی نمائندگی پاکستان ورکرز فیڈریشن کے چیئرمین ظہور اعوان نے کی۔ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کے 187 رکن ممالک کے آجروں، ورکرز اور حکومتی نمائندے پیشہ ورانہ سیفٹی وہیلتھ پر خصوصی توجہ دینے کے ساتھ کام سے متعلق مسائل پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے یکجا ہوئے۔ پاکستانی مندوب نے میری ٹائم کنونشن میں ترامیم پر بحث کے لیے جنرل افیئر زکمیٹی کے تمام اجلاسوں میں شرکت کی جس میں 1998 کے بنیادی اصولوں اور کام کے حقوق کے اعلامیے میں ترمیم لاکراوش کو کارکنوں کے لیے بنیادی حق کے طور پر شامل کرنا اور بنیادی لیبر کنونشن کے طور پر اوش سے متعلق کنونشنز کی اپ گریڈیشن شامل تھا۔ ایمپلائرز گروپ نے اعلامیے میں کچھ بنیادی ترامیم پیش کیں جو اتفاق رائے سے منظور کی گئیں تاہم اصل بحث اوش کنونشنز کی اپ گریڈیشن پر ہوئی جو کنونشن نمبر 187 پروموشنل فریم ورک برائے اوش اور کنونشن نمبر 155 پیشہ ورانہ سیفٹی وہیلتھ کنونشن ہیں۔ آجروں اور کارکنوں کے درمیان اتفاق رائے کے ساتھ تفصیلی بات چیت کے بعد کنونشن 187 اور 155 کو بنیادی کنونشن کے طور پر اپ گریڈ کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ پاکستانی آجروں کے وفد کے نمائندہ نائب صدر ای ایف پی ذکی احمد خان نے ترقی پذیر ممالک کو درپیش ترقیاتی چیلنجز اور ای ایف پی کی جانب سے ایس ڈی جی کے نفاذ، ہنر کی ترقی کے پروگرام میں نجی شعبے کی دوطرفہ اور سہ فریقی سماجی بات چیت کو فروغ دینے کے لیے اٹھائے گئے اقدامات اور یو این ایس ڈی ایس ایف پر نیشنل بزنس ٹاسک فورس کا قیام پر روشنی ڈالی جو ایشیا میں اپنی نوعیت کا واحد ادارہ ہے جو اقوام متحدہ کی ترقیاتی سرگرمیوں کو اسٹریٹجک سمت فراہم کرتا ہے۔ پاکستانی وفد نے کمیٹی برائے مہذب کام اور سماجی یکجہتی اکانومی کے اجلاس میں بھی شرکت کی۔ جیسا کہ پاکستان ڈیسنٹ ورک اور ایس ایس ای پر رپورٹ تیار کرنے کے لیے سہ فریقی کمیٹی کا رکن تھا۔ آجروں کے وفد نے اظہار خیال کیا کہ پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک میں غیر رسمی معیشت اور کو آپریٹو کے بڑے سائز کے پیش نظر ایس ایم ایز کو ایس ایس ایز میں فروغ دینے کے وسیع گنجائش اور مواقع موجود ہیں اور ان سفارشات کے ذریعے گائیڈ لائنز تیار کی جا رہی ہیں۔ پاکستانی وفد کو جنیوا میں پاکستان کے مستقل مشن سفیر خلیل ہاشمی نے اجلاس میں مدعو کیا جس میں پاکستان میں ایس ڈی جی کا نفاذ روزگار اور اچھے کام کے پروگرام کا فروغ، سماجی تعمیل کے مسائل پر پاکستان مشن اور آئی ایل او کے ساتھ اسٹیک ہولڈرز کے وسیع رابطے کے لیے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 20

جان کو دوکان کی چھت پر سوتے میں کلہاڑی کے پے درپے وار کر کے بے دردی سے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا جس کا علم صبح مقتول کے بیٹے کے چھت پر جانے پر ہوا اور مقتول کی نعش سڑک پر اہل علاقہ سراپا احتجاج بن گے پولیس تھانہ عطاء شہید نے مقتول کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کردی جبکہ ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے رپورٹ طلب کرلی۔ اور ایس ڈی پی او صدر اور کرائم سین یونٹ وقوعہ سے تمام شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف رہے تفتیش ہیں۔ ڈی پی او نے واردات کا مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کیلئے تمام وسائل بروئے کار لانے کا حکم دے دیا

بقیہ 21

کی مزید وضاحت کے لیے حکام کے ساتھ بات چیت جاری ہے۔ ترجمان آئی ایم ایف نے کہا کہ ابتدائی جائزے سے لگتا ہے بجٹ کو مستحکم کرنے کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہوگی، بجٹ کو آئی ایم ایف پروگرام کے کلیدی مقاصد کے مطابق لانے کیلئے بھی اضافی اقدامات کرنا ہوں گے۔ آئی ایم ایف ترجمان نے کہا کہ فنڈ کا عملہ اس سلسلے میں حکام کی کوششوں اور عمومی طور پر میکرو اکنامک استحکام کو فروغ دینے کے پالیسیوں کے نفاذ میں تعاون کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 22

ہے کہ اسپیکر پنجاب اسمبلی چوہدری پرویز الٰہی کی ضد تھی، اس لیے اسمبلی سے باہر آگیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ میں 12 کروڑ عوام کے بجٹ میں خلل نہیں ڈالنا چاہتا، ہم مقدمات پر کوئی کمپرومائز نہیں کریں گے۔ عطا اللہ تارڑ کا کہنا ہے کہ صحافیوں کے ساتھ زیادتی کی جارہی ہے، ہم بھی یہی چاہتے ہیں کہ میڈیا کو اندر جانے دیا جائے۔ انہوں نے کہا ہے کہ انہوں نے بڑی شرارتیں کیں، ہم نے بھی بڑی شرارتیں دیکھی ہیں، مگر ہم بلیک میل بالکل نہیں ہوں گے۔ ن لیگی رہنما نے یہ بھی کہا کہ ان لوگوں نے اپنی مرضی کے 600 افراد کو بھرتی کیا ہوا ہے اور اسمبلی کو ذاتی کمپنی بنا رکھا ہے۔

بقیہ 23

کیلئے بولی 24 جون کو ڈی ایم اے آفس میں ہوگی۔ ذرائع کے مطابق آئی پندرہ میں بڑی، بارہ کہو، ترامڑی اور ترنول میں چھوٹی منڈیاں لگائی جائیں گی، مویشی منڈیوں میں بڑے جانور کی فیس 500 اور چھوٹے جانور کی 200 رکھی جائے گی، مویشی منڈیوں کیلئے بڑے ٹرک، مزدہ، سوزوکی کے بھی نرخ مقرر کرلیے گئے۔

بقیہ 24

گاڑی سے اتار کر تشدد کا نشانہ بنانا شروع کر دیا، اس کا موبائل فون چھین کر ویڈیو بھی ڈیلیٹ کردی مارپیٹ کے دوران محمد اشرف کی جیب سے 133000 روپے بھی گرگئے، مارپیٹ کے بعد ملزمان نے اسے ڈیڑھ گھنٹہ حبس بے جا میں رکھا اور مقامی لوگوں کی مداخلت اور منت سماجت پر اسے رہا کیا، وجہ عناد یہ ہے کہ محمد اشرف مبینہ ملزمان کے غیرقانونی پٹرول ایجنسیوں کے دھندے کے خلاف اخباروں میں خبریں لگواتا رہتا ہے اور وقوعہ کے دن بھی وہ غیرقانونی پٹرول ان لوڈنگ کی وڈیو بنا رہا تھا جس کا ملزمان کو نہایت رنج تھا۔ پولیس تھانہ محمود کوٹ نے محمد اشرف کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ 25

کہ تیراہ متاثرین کیلئے فوڈ پیکج بھی دیا ہے۔ ڈپٹی چیرمین سینٹ حاجی مرزا آفریدی نے متعلقہ حکام کو فون پر بتایا کہ متاثرین کی واپسی میں کسی کی نہیں ہونی چاہئیے۔ ڈاکٹر زیب آفریدی نے حاجی مرزا آفریدی سے باڑہ روڈ کے بارے میں بات کی جس پر مرزا آفریدی نے متعلقہ حکام کو کام تیز کرنے کی ہدایات جاری کی قمبر خیل قوم کی بجلی اور نہری نظام کی بہتری کیلئے ڈاکٹر زیب نے حاجی مرزا محمد آفریدی سے کہا کہ لوگوں کو مشکلات ہے جس پر ڈپٹی چیئرمین سینٹ نے متعلقہ حکام کو بتایا کہ ہنگامی بنیادوں پر نہری نظام کو بہتر کیا جائے تاکہ لوگوں کی فصلیں خشک ہونے سے بچے۔ ڈاکٹر نے چیئرمین سینیٹ مرزا محمد آفریدی سے ڈوگرہ ہسپتال کے بارے میں بات کی جس پر مرزا محمد آفریدی نے کہا کہ تمام مشکلات صحت کے حوالے سے دور کرئے گے۔ ڈپٹی چیئرمین سینٹ مرزا محمد آفریدی نے اسسٹنٹ کمشنر باڑہ کو فون پر ہدایات جاری کی کہ باڑہ بازار کی صفائی کو بہتر بنایا جائے اور قصابوں پر بازار کے اندر گائے، بکری اور بھیڑ کے ذبح ہونے پر پابندی لگا کر صفائی کیلئے مضبوط اقدامات بنائے تاکہ صفائی کا نظام صاف ستھرا ہو۔ ٹی ایم او باڑہ کو حاجی مرزا آفریدی نے ہدایت جاری کی کہ گندگی کو بروقت اٹھایا جائے اور جگہ جگہ کوڑے دان لگائے تاکہ عوام کو سہولت ہو اور کسی قسم کی گندگی بازار میں نہ ہو اس موقع پر عبدالکریم آفریدی ڈاکٹر حنیف آفریدی بھی موجود تھے۔

بقیہ 26

سینیٹر عطاالرحمن کا نام بطور چیئرمین کمیٹی تجویز کیا۔ سینیٹرز کہدہ بابر، دنیش کمار اور دوست محمد خان نے سینیٹر عطاالرحمن کے نام کی متفقہ طور پر تائید کی۔ چیئرمین کمیٹی برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات نے اراکین کمیٹی کا اعتماد کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ تمام اراکین کمیٹی کے ساتھ مل کر ملک کی ترقی و خوشحالی کے معاملات کا آگے بڑھایا جائے گا۔ منصوبہ جات کی بروقت تکمیل کیلئے بہتر منصوبہ بندی اور موثر حکمت عملی اختیار کی جائے گی۔ سینیٹر عطاالرحمن نے کہا کہ وہ تمام ترمنصوبہ جات جو تاخیر کا شکار ہیں ان کو بروقت مکمل کرا کے قومی خزانے کے ضیاع کو بچایا جائے گا اور اہم منصوبہ جات کی پیش رفت پر بھرپور توجہ مذکور کر کے مکمل کرائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک منصوبہ جات کی تکمیل سے ملک میں نمایاں ترقی و خوشحالی کا دور آئے گا۔ اراکین کمیٹی نے چیئرمین کمیٹی کو مبارکباد دیتے ہوئے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ قائمہ کمیٹی کے آج کے اجلاس میں سینیٹرز کہدہ بابر، دنیش کمار اور دوست محمد خان اور سینیٹ سیکرٹریٹ کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 27

ایشن وزیر داخلہ رانا ثنااللہ۔ سیکریٹری داخلہ جوائنٹ سیکرٹری داخلہ چیرمین سی ڈی اے عامر علی احمد۔ ممبر ایڈمن عامر عباس خان۔ ممبر فنانس رانا شکیل اصغر ممبر انجینئرنگ سید منور شاہ ممبر اسٹیٹ نوید الٰہی کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ترقی پانے والے افسران کو چیرمین سی ڈی اے سمیت ادارے تمام افسران پھولوں کے گلدستے اور شیلڈ پیش کررہے ہیں اور مبارکباد دے رہے ہیں۔ گریڈ 20 میں ڈائریکٹر جنرلز کے عہدوں پر ترقی حاصل کرنے والے شعبہ انجینئرنگ کے افسران کو چیرمین سی ڈی اے نے خصوصی طور پھولوں کے گلدستے پیش کیئے گئے۔

بقیہ 28

بنتے ہیں نورین باسط نے کہا کہ بکاے رقم 41 لاکھ 5 ہزار میرے ساتھ 9 کروڑ کا فراڈ ہوا ہے میرے خاوند ایک ٹانگ سے معذور اور کینسر میں مبتلا ہیں وزیراعظم پاکستان، چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان اور اعلیٰ حکام مجھے انصاف فراہم کریں اور ملزمان کو گرفتار کریں۔

بقیہ 29

شریف اور ووٹ کو عزت دو کا بیانیہ بہترین انداز سے اجاگر کرنے میں کامیاب ہوگی، ان خیالات کا اظہار جمال شاہ کاکڑ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کی جانب سے دوسرے مرحلے کیلئے مشترکہ بلدیاتی الیکشن مانیٹرنگ کمیٹی کوئٹہ کی سطح پر تشکیل دی گئی ہے، کمیٹی میں شامل تمام ممبران کوئٹہ کے سٹیک ہولڈرز ہیں کمیٹی ضلع کوئٹہ سٹی کوئٹہ کے ایریاز میں مختلف یونین کونسلز، وارڈز، میونسپل کمیٹی، ڈسٹرکٹ کونسل اور میٹروپولیٹن کارپوریشن میں شامل تمام نشستوں کیلئے مضبوط امیدواران کو سامنے لائیگی اور عوامی رابطہ مہم کیونئی اور پارٹی ورکروں سے میٹنگز کا انعقاد کرینگے انہوں نے کہا کہ صوبائی تنظیم کو اپنی تجاویزات وسفارشات سامنے رکھ کر اور الیکشن کیلئے بہترین ماحول بنانے کی خدمات سرانجام دیں گے۔

بقیہ 30

کے بعد انکوائری کمیٹی نے بھی رپورٹ تیار کر کے چیف الیکشن کمشنر کو ارسال کردی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چیف الیکشن کمشنر کا ڈسکہ میں ضمنی انتخابات کی انکوائری رپورٹ دو روز میں پبلک کرنے کا فیصلہ کیا ہے، کمیٹی نے رپورٹ کے ساتھ شواہد بھی لف کردیئے ہیں جبکہ الیکشن میں منظم دھاندلی ثابت ہوئی ہے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی نے انتخابات میں دھاندلی کے شبے میں نامزد لوگوں کا فون ریکارڈ بھی حاصل کیا جبکہ نامزد افراد سے پوچھ گچھ بھی کی گئی۔ واضح رہے کہ انکوائری کمیٹی میں ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن منظور اختر، ہارون شنواری، ڈائریکٹر انجم بشیر، ڈپٹی ڈائریکٹر قانون صائمہ شامل تھیں۔ این اے 75 میں ہونے والے ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ ن کی نوشین افتخار کامیاب قرار پائی تھیں۔ انہوں نے 360 پولنگ اسٹیشنز سے تقریباً ایک لاکھ 10 ہزار 75 ووٹ حاصل کیے تھے۔

بقیہ 31

ان ذخائر سے توانائی کے حصول پر سنجیدگی سے غور نہیں کیا گیا ورنہ تھر کا کوئلہ پاکستان کے توانائی کا منظرنامہ یکسر بدل دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ سینئر معاشی تجزیہ کار آصف ارسلان سومرو کے مطابق تھر میں کوئلے کی کان کی توسیع اور پیداوار بڑھا کر پاکستان ایندھن کی درآمد پر خرچ ہونے والے سالانہ کروڑوں ڈالر کے زرمبادلہ کی بچت کرسکتا ہے۔ آصف سومرو نے کہا کہ حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات، گیس اور بجلی پر سبسڈی میں کمی کا فیصلہ اگرچہ اپنی جگہ درست ہے تاہم اس کے نتیجے میں عام طبقے کی قوت خرید بری طرح متاثر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ توانائی کے بحران کے حل کے لیے حکومت کو طویل مدتی حل پر توجہ مرکوز کرنا ہوگی، یوکرین اور روس کی جنگ طول پکڑنے اور اس کے اثرات دونوں ملکوں کی سرحدوں سے باہر تک پھیلنے کے ساتھ او پیک ملکوں کی جانب سے تیل کی قیمت میں کمی کے لیے سردمہری سے خام تیل، آر ایل این جی اور فرنس آئل کی قیمتیں بلندتر رہنے کا خدشہ ہے۔ اس صورتحال میں ظاہر ہے کہ توانائی کی قیمت بلندتر رہے گی، ساتھ ہی مہنگے درآمدی کوئلے سے پیدا ہونے والی بجلی کی قیمت بھی 26.7 روپے فی کلو واٹ کے مقابلے میں 71 فیصد اضافے سے 12.41 روپے فی کلو واٹ تک پہنچ گئی ہے۔ تھر کے مقامی کوئلے سے بجلی کی پیداوار کی صورت میں بجلی کی لاگت 3.63 روپے فی کلوواٹ کی سطح پر آجائے گی جس سے صارفین کو بھرپور ریلیف ملے گا، دوسری جانب زرمبادلہ کی بچت ہوگی اور ملک کی معیشت کو مستحکم بنانے میں مدد ملے گی۔ رپورٹ کے مطابق نیپرا نے یکم جولائی 2022 سے بجلی کے نرخ 7 روپے سے 7.5 روپے فی یونٹ بڑھانے کی اجازت دیدی ہے جس سے بجلی کے اوسط نرخ 16.64 روپے فی یونٹ سے بڑھ کر 24.14 روپے فی یونٹ تک پہنچ جائیں گے۔ آصف سومرو کے مطابق مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو توانائی کے مقامی وسائل میں سرمایہ کاری کی ترغیب دینے کے لیے پاور پالیسی میں تسلسل نا گزیر ہے۔

بقیہ 32

مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر میں اضافہ ہوگیا ہے۔ آئی ایم ایف شرائط کے مطابق وفاقی بجٹ پیش ہونے کے باوجود آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی میں تعطل، وزیرخزانہ کی دو ہفتے بعد مزید بجٹ اقدامات بروئے کار لانے اور چین کو دو ارب ڈالر کی ادائیگیوں کے ساتھ مزید ڈھائی ارب ڈالر کے حصول کی کوششوں جیسے عوامل کے باعث ڈالر کی دوبارہ پیش قدمی جاری ہے۔ گزشتہ روز ڈالر کے انٹربینک ریٹ ملکی تاریخ میں پہلی بار 203 روپے سے تجاوز کرگئے تھے جبکہ اوپن ریٹ 205 روپے کی سطح پر آ گیا تھا۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ حکومت ملکی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایندھن درآمد کرنے کے لیٹر آف کریڈٹ کھول رہی ہے جو زرمبادلہ کے ذخائر میں تسلسل سے کمی کا باعث بن رہی ہے جس سے اسٹیٹ بینک زرمبادلہ کے ذخائر سنگل ڈیجٹ پر آگئے ہیں۔ اسی طرح ماہوار بنیادوں پر ترسیلات زر کی آمد میں 25 فیصد کی کمی سے مارکیٹوں میں طلب کی نسبت رسد میں کمی نے روپیہ کو بے قدر کردیا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتیں مطلوبہ حد تک نیچے نہ آنے، ملک پر بیرونی ادائیگیوں کے دباؤ اور آئی ایم ایف قرض پروگرام کی بحالی اور قسط کے اجرا میں تاخیر سے یومیہ بنیادوں پر مالیاتی بحران کی شدت بڑھ رہی ہے جو زرمبادلہ کی مارکیٹوں پر اثر انداز ہیں۔

بقیہ 33

وقت کے وزیراعظم سے معاہدے کے حوالے سے استفسار کیا، وزیر داخلہ برطانیہ میں پاکستان کے ریکور کیے گئے 50 ارب سرکاری خزانے میں جمع نہیں کرائے گئے۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ بنی گالہ میں 240 کنال زمین فرح گوگی کے نام پر منتقل کی گئی، عمران خان نے تمام معاملات میں اپنا حصہ وصول کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سارے معاملے کی تحقیقات کیلئے سب کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، چیئرمین پی ٹی آئی کو جعلی صادق اور امین کا لقب دیا گیا۔ وفاقی وزیر مصدق ملک نے کہا کہ سارے معاملے پر کابینہ میں سمری بھی پیش نہیں کی گئی، اس جلسازی کا فرنٹ مین شہزاد اکبر تھا، حکومت نے کرپشن کے خاتمے کا نعرہ لگا کر کرپشن کے ریکارڈ توڑے۔ وفاقی وزیر مولانا اسعد محمود نے کہا کہ بنی گالہ کی ملکیت سے متعلق بھی عمران خان نے بار بار جھوٹ بولا، عمران خان نے ذاتی مفادات کیلئے مذہب کو استعمال کیا۔

بقیہ 34

کرتے ہوئے الیکشن کمیشن کو ہدایت کی کہ درخواست پر ایک ماہ میں فیصلہ کرے۔ درخواست میں الیکشن کمیشن آف پاکستان اور بلاول بھٹو زرداری کو فریق بناتے ہوئے کہا گیا کہ اس وقت دو پیپلز پارٹی الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ ہیں، ایک کے سربراہ بلاول بھٹو زرداری ہیں، دوسری پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین کے نام سے رجسٹرڈ ہے، جس کے سربراہ آصف علی زرداری ہیں۔ درخواست گزار نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے این اے 200 لاڑکانہ سے الیکشن پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین کے ٹکٹ پر لڑا، ان کا اپنی پارٹی چھوڑ کر دوسری پارٹی کے پلیٹ فارم سے الیکشن لڑنا الیکشن ایکٹ 2017 کی خلاف ورزی ہے، اس غیر آئینی اقدام کے خلاف الیکشن کمیشن کو درخواستیں دیں جن پر کمیشن فیصلہ نہیں کر رہا، عدالت الیکشن کمیشن کو درخواستوں پر فیصلہ کرنے کا حکم دے۔

بقیہ 36

عطاء تارڑ کو آئین کے مطابق اسمبلی سے باہر جانے کو کہا، سپیکر کے پاس اختیار ہے کہ وہ بدنظمی پیدا کرنے پر کسی کو بھی باہر نکال سکتا ہے اور وہ اسمبلی حدود کے اندر بھی داخلے سے روک سکتا ہے۔

بقیہ 37

کے معاون وکیل الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران معاون وکیل نے کہا کہ یہ معاملہ اسلام آباد ہائیکورٹ میں زیرالتوا ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ کے معاملے تک الیکشن کمیشن کیس ملتوی کرے کیونکہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے الیکشن کمیشن کو کوئی سخت فیصلہ کرنے سے روکا ہوا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ اس کیس کا اسلام آباد ہائیکورٹ کے کیس سے کیا تعلق ہے، ڈی ایم او کے جرمانے کے خلاف الیکشن کمیشن میں اپیل پر سماعت ہورہی ہے۔ دوران سماعت لاآفیسر الیکشن کمیشن نے اسلام آباد ہائیکورٹ کا گزشتہ سماعت کا فیصلہ پڑھ کر سنایا۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ اور الیکشن کمیشن میں زیرسماعت کیسز مختلف ہیں، الیکشن کمیشن آپ کو سزا تو نہیں دے رہا جو آپ اسلام آباد ہائیکورٹ کا حوالہ دے رہے ہیں، الیکشن کمیشن جرمانے کے خلاف اپیل منظور یا مسترد کرے گا، آج اپیل واپس لے لیں تو الیکشن کمیشن معاملہ ختم کردیتا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ آج کے آرڈر میں بھی لکھیں گے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ اور الیکشن کمیشن کا معاملہ الگ ہے۔ الیکشن کمیشن کئی بار کہہ چکا ہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کیس کے باعث معاملہ لٹکا نہیں سکتے۔ الیکشن کمیشن نے اسد عمر اور عمران خان کو دلائل دینے کے لیے آخری موقع دے دیا۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ آئندہ سماعت پر دلائل نہ دیے گئے تو الیکشن کمیشن فیصلہ سنادے گا، الیکشن کمیشن نے دن رات حلقہ بندیوں کے کیس سننے ہیں۔ الیکشن کمیشن نے کیس کی مزید سماعت 21 جون تک ملتوی کردی۔

بقیہ 38

لیے چوہدری شجاعت کے پاس جاتے ہیں۔ شیخ رشید نے مزید کہا کہ اسمبلیاں کھیل تماشا بن چکی ہیں۔ وزیرخزانہ عنقریب دوسری مرتبہ پیٹرول اور بجلی کی قیمتوں پر قیامت ڈھانے والے ہیں۔ آج قبر کا ریٹ بھی 7 سے 15 ہزار روپے ہوگیا ہے۔ امپورٹڈ حکومت میں اسٹاک ایکسچینج 7 ارب ڈالر، فارن ترسیلات اور فارن ریز روپچ آگئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب مسئلہ غریب کا، پاکستان کی معاشی اور سیاسی بقا کا ہے۔

بقیہ 39

2 اور کشمیری نوجوانوں کو شہید کردیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ان نوجوانوں کو بھارتی فوجیوں نے سرینگر کے علاقے بمنہ میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی کے دوران شہید کیا۔ بھارتی فوجیوں نے علاقے کی ناکہ بندی کررکھی ہے اور موبائل انٹرنیٹ سروس معطل ہے۔ آخری اطلاعات آنے تک علاقے میں فوجی کارروائی جاری تھی۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے

بقیہ 40

ہیں وہ اپنی من پسند یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔ یہ وظائف پولیٹیکل سائنس، قانون، ایجوکیشن، ایڈمنسٹریشن، معاشیات، انجینئرنگ، کمپیوٹر سائنس، ایگری کلچر، عربی/اسلامک اسٹڈیز اور میڈیا سائنس میں دیے جائیں گے۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ آپ کا تعلق پاکستان یا آزاد کشمیر سے ہو، یہ وظائف 75 فیصد پاکستان سے آنے والے طالب علموں کو دیے جائیں گے، 25 فیصد سعودی عرب میں مقیم پاکستانی طلبہ اس سے مستفید ہوسکیں گے۔

بقیہ 41

کا انڈونیشیا کا دورہ اور انڈونیشیا کی وزارت تجارت سے مذاکرات کامیاب ہوئے، خوردنی تیل سے بھرے 10 بحری جہاز آئندہ دو ہفتے میں انڈونیشیا اور ملائشیا سے پاکستان پہنچیں گے۔ انڈونیشیا سے (آج) بدھ کو ڈھائی لاکھ میٹرک ٹن خوردنی تیل پاکستان کو فراہم کیا جارہا ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر وزیر صنعت و پیداوار سید مرتضیٰ محمود نے انڈونیشیا کے ہم منصب سے معاملات طے کئے، پاکستانی وفد کی درخواست پر انڈونیشیا کی وزارت تجارت نے تمام متعلقہ امور کو تیزی سے نمٹایا، 30 ہزار میٹرک ٹن خوردنی تیل سے بھرا پہلا بحری جہاز آج پاکستان روانہ ہوگا، انڈونیشیا کا دورہ کرنے والے وفد میں پاکستان وناسپتی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے چیئرمین طارق اللہ صوفی اور تنظیم کے رکن رشید جان محمد بھی شامل تھے۔

بقیہ 42

نیپرا کا سسٹم کافی پیچیدہ ہے، ایک گھنٹہ لگا سمجھنے میں کہ کیسے بلنگ کا سسٹم کام کرتا ہے، پاورسیکٹر کو اگر نہیں سدھاریں گے تو یہ ملکی معیشت کو لے ڈوبے گا۔

بقیہ 43

کے بعد پارٹی فنڈنگ کیس کا فیصلہ جلد سنانے سے روکنے کے لئے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی جانب سے دائر انٹراکورٹ اپیل پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی کی جانب سے الیکشن کمیشن آف پاکستان کو پاکستان تحریک انصاف کی غیرملکی فنڈنگ کا فیصلہ ایک ماہ میں کرنے کا حکم دیا تھا۔ حکم کے خلاف پاکستان تحریک انصاف نے انٹراکورٹ اپیل دائر کی تھی۔ اپیل پر جسٹس اطہر من اللہ اور جسٹس بابر ستار نے سماعت کی۔ دوران سماعت پی ٹی آئی کے وکیل کیپٹن (ر) انور منصور خان نے پیش ہوکر کہا کہ پی ٹی آئی کو ٹارگٹ کیوں کیا جارہا ہے، سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے کہ سیاسی جماعتوں کی بلاتفریق جانچ پڑتال کرنا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے، الیکشن کمیشن کورٹ آف لا نہیں ہے، الیکشن کمیشن انتظامی باڈی ہے۔ اس پر عدالت نے ریمارکس دیئے کہ ہماری سمجھ کے مطابق ممنوعہ فنڈنگ ثابت ہونے پر زیادہ سے زیادہ وہ فنڈ ضبط ہوسکتا ہے، سکروٹنی کمیٹی اپنی رپورٹ جمع کرواچکی ہے، دیکھنا یہ ہے کہ الیکشن کمیشن اس رپورٹ کی بنیاد پر پی ٹی آئی کو شوکاز نوٹس جاری کرتی ہے یا نہیں۔ عدالت نے دوران سماعت یہ بھی استفسار کیا کہ عدالت، آئینی ادارے کے معاملات میں کیسے مداخلت کرسکتی ہے۔ اس پر انور منصور خان نے کہا کہ الیکشن کمیشن نہ تو عدالت ہے اور نہ ہی ٹربیونل۔ اس پر جمعیت علما اسلام (ف) کے وکیل سینیٹر کامران مرتضیٰ نے پیش ہوکر بتایا کہ پی ٹی آئی نے تمام سیاسی جماعتوں کی روزانہ کی بنیاد پر جانچ پڑتال کا کہا ہے، سٹیٹ بینک آف پاکستان سے استدعا کررہے ہیں کہ جے یوآئی (ف) سے متعلق شواہد پیش کرے، بظاہر پی ٹی آئی کی نیت بری لگ رہی ہے، پی ٹی آئی چاہتی ہے سب جماعتوں کا ایک ساتھ فیصلہ ہو، یقیناً کسی کا بھی فیصلہ نہ ہو۔ کامران مرتضیٰ نے کہا کہ پی ٹی آئی کا کیس پرانا ہے، پہلے یہ طے ہونے دیں، پی ٹی آئی اپنا کیس دیگر درجنوں سیاسی جماعتوں کے ساتھ منسلک کروانا چاہتی ہے۔ دوران سماعت الیکشن کمیشن کے وکیل نے کہا کہ پی ٹی آئی کو ایک ماہ کے وقت پر اعتراض ہے وہ تو ویسے بھی گزر چکا ہے۔ جبکہ دوران سماعت جماعت اسلامی کے وکیل نے کہا کہ جب چاہیں جماعت اسلامی اپنی سکروٹنی کروانا چاہتی ہے چار سالوں کے دوران جماعت اسلامی کو ایک بار بھی الیکشن کمیشن کی جانب سے نوٹس جاری نہیں ہوا۔ جماعت اسلامی کہہ رہی ہے کہ ہم ہروقت سکروٹنی کے لئے تیار ہیں۔ انور منصور نے کہا کہ جو بات جماعت اسلامی کہہ رہی ہے وہی بات ہم بھی کہہ رہے ہیں۔ اس پر عدالت نے انور منصور کو مخاطب کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ آپ بہت پیچیدہ ایشو کھڑا کررہے ہیں، جماعت اسلامی کے جلسے سادگی سے ہوتے ہیں اور آپ کے جلسے زوردار ہوتے ہیں اس لئے خرچہ بھی زیادہ ہوتا ہے۔ عدالت نے تمام فریقین کے دلائل سننے کے بعد کیس کا فیصلہ محفوظ کرلیا۔

بقیہ 44

روکنے کی قانون میں کوئی گنجائش نہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما اسد عمر نے کہا کہ قانون واضح ہے کہ اس طرح کی درخواست اول تو دائر نہیں ہونی چاہیے تھی۔ نشست خالی ہونے پر اگلا جو امیدوار ہو اس کا نوٹیفکیشن جاری ہوجاتا ہے۔ 20 نشستیں ہارنے کے باوجود بھی اقلیتوں کی 2 نشستیں ہماری ہیں۔ حمزہ شہباز کی حکومت جعلی ایکشن پر کھڑی ہے، جلد از جلد نشستوں کو نوٹیفکیشن کے ذریعے بحال کیا جائے۔

بقیہ 45

گی۔ یکم جولائی کے بعد دن کا دورانیہ بتدریج کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور 22 ستمبر کو دن اور رات کا دورانیہ تقریباً برابر ہوتا ہے جبکہ اس کے بعد راتوں کے دورانیے میں اضافہ اور دن کا دورانیہ مختصر ہونا شروع ہوتا ہے اور 22 دسمبر سال کا مختصر ترین دن اور رات طویل ترین ہوتی ہے۔

بقیہ 46

میں شہباز حکومت نے لاکھوں طلبہ کو مفت لیپ ٹاپ دیئے، بزدار حکومت نے اپنے دور میں ایک بھی طالبعلم کو مفت لیپ ٹاپ نہیں دیا۔ پنجاب حکومت نے ذہین طلبہ کے لئے مفت لیپ ٹاپ فراہمی کیلئے بجٹ میں ڈیڑھ ارب مختص کیے ہیں جس سے لاکھوں طلبہ کو مفت لیپ ٹاپ ملیں گے۔ مطالبہ ہے کہ پراجیکٹ کو کالج لیول تک بڑھایا جائے۔

بقیہ 47

میں پانچ رکنی لارجر بینچ نے کیس کی سماعت کرنا تھی لیکن ایک اور کیس کی سماعت کے دوران چیف جسٹس عمر عطابندیال نے شوکت صدیقی کے وکیل حامد خان کو بلا کر آگاہ کیا کہ پانچ رکنی بینچ کے ایک فاضل رکن جسٹس مظہر عالم میاں خیل علیل ہو چکے ہیں اس لئے کیس کی سماعت آج ممکن نہیں، حامد خان نے کہا کہ آئندہ ہفتے کیس کو سماعت کیلئے مقرر کردیا جائے تاہم چیف جسٹس نے کہا کہ فاضل جج کو ریکور ہونے میں وقت لگ سکتا ہے اس لئے کوئی تاریخ نہیں دے سکتے کیونکہ اس بیماری کے بعد کمزوری زیادہ ہوجاتی ہے۔ عدالت نے کیس کی سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کردی۔

بقیہ 48

میں عثمان بزدار کی سابق وزیراعلیٰ پنجاب کی مراعات نہ دینے کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس محمد امیر بھٹی نے اعتراض کیس پر سماعت کی۔ عدالت نے اعتراض دور کر کے پرنسپل سیٹ لاہور ہائیکورٹ کیس سماعت کے لیے مقرر کرنے کا حکم دیا۔ چیف جسٹس نے درخواست پر رجسٹرار آفس کا اعتراض ختم کردیا اور عدالت نے ملتان بینچ پر زیرسماعت کیس کی تفصیلات طلب کرلیں۔ عدالت نے درخواست گزار وکیل کو ہدایت کی کہ اگر ملتان بینچ پر کوئی فیصلہ ہوگیا ہے تو پیش کرائیں۔ درخواست گزار کے وکیل نے بتایا کہ ہائیکورٹ ملتان بینچ میں کیس 17 جون کے لیے مقرر ہوا ہے، کوئی آرڈر نہیں کیا گیا۔ عدالت کو بتایا گیا کہ ملتان میں دار درخواست لاہور ٹرانسفر کرنے کی متفرق درخواست دائر کی گئی۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ 23 مئی سے قانون کے تحت بطور سابق وزیراعلیٰ حاصل مراعات نہیں دی جا رہی ہیں۔ استدعا ہے کہ قانون کے تحت سابق وزیراعلیٰ پنجاب کو حاصل مراعات بھی دینے کا حکم دیا جائے۔

بقیہ 49

اور اب ملک چلانے کے لیے سخت فیصلے لے رہے ہیں۔ نیب سے متعلق انہوں نے کہا کہ ملک میں احتساب کا نظام سب کے سامنے ہے اور یہ لوگ اب اپنے آخری قدم پر ہیں، نیب کا ادارہ جب تک ہے ملک نہیں چل سکتا۔ صدر مملکت پر تنقید کرتے ہوئے سابق وزیراعظم نے کہا کہ صدر صاحب اس ملک کے صدر ہیں یا ایک جماعت کے ورکر، وہ فیصلہ کرلیں کیونکہ صدر صاحب کے ان اقدامات سے ایک بری روایت پڑتی جارہی ہے۔ صدر صاحب کہتے ہیں کہ الزام لگنے کے بعد وہ بندا ثبوت دے کہ اس پر لگے الزام غلط ہیں، ایک ملک کا صدر ایسا بیان دے رہا ہے، صدر مملکت پر حیرانگی ہے جو نیب قانون کے بارے میں ایسی بات کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ وہی جماعت ہے جو چیئرمین نیب کو قابو کرکے چار سال نام نہاد احتساب کرتی رہی لیکن اب ملک چلانا ہے تو نیب کو ختم کرنا ہوگا، چیئرمین نیب آٹھ ماہ ڈیلی ویجر کے طور پر کام کرکے گھر جاچکا ہے۔ سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ اس ملک کو چلانا ہے تو نیب کو ختم کرنا ہوگا، ملک کا صدر ملکی معاملات میں رکاوٹ نہیں بنتا لیکن موجودہ صدر کے فیصلے تاریخ میں یاد رکھے جائیں گے۔ احتساب کرنے والے کو اب ناگوار ہے کہ خود احتسابی، چیئرمین نیب اپنے اثاثے پوری قوم کے سامنے رکھیں۔

بقیہ 50

پاور ڈویژن کے مطابق بجلی کی مجموعی پیداوار 21 ہزار 191 میگاواٹ ہے جبکہ ملک میں بجلی کی کل طلب 27 ہزار 900 میگاواٹ ہے۔ پانی سے 4 ہزار 528 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے، سرکاری تھرمل پلانٹس 1 ہزار 515 میگاواٹ بجلی پیدا کررہے ہیں، نجی شعبے کے بجلی گھروں کی مجموعی پیداوار 12 ہزار 8 میگاواٹ ہے۔ ونڈ پاور پلانٹس 1 ہزار 609 میگاواٹ اور سولر پلانٹس سے پیداوار 121 ہے، بگاس سے چلنے والے پلانٹس 175 میگاواٹ بجلی پیدا کررہے ہیں، جوہری ایندھن سے 1 ہزار 235 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے، ملک کے مختلف علاقوں میں 16 گھنٹے تک کی لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے، اسلام آباد ریجن میں بھی 6 گھنٹے تک لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے، زیادہ نقصانات والے علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ اس سے زیادہ ہے۔

بقیہ 51

میں موقف اختیار کیا گیا کہ الیکشن کمیشن کا 2 جون کا فیصلہ خلاف قانون ہے۔ الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کے 25 منحرف اراکین کو ڈی نوٹی فائی کرنے کا فیصلہ سنایا جس میں مخصوص نشست پر منتخب ہونے والی عظمیٰ کاردار، ساجدہ یوسف اور عائشہ نواز بھی ڈی نوٹی فائی ہوئیں۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر کی گئی درخواست کے مطابق خصوصی نشست خالی ہونے پر پارٹی ترجیحاتی فہرست کے مطابق رکن منتخب ہونے کا نوٹیفکیشن جاری کیا جاتا ہے۔ پی ٹی آئی کی فراہم کردہ ترجیحی فہرست کے تحت ہی عائشہ نواز، عظمیٰ کاردار اور ساجدہ یوسف رکن پنجاب اسمبلی منتخب ہوئی تھیں۔ تین نشستیں خالی ہونے پر اب پی ٹی آئی کی فہرست میں بتول زین، سائرہ رضا اور فوزیہ عباس نسیم سرفہرست ہیں۔ الیکشن ایکٹ 2017 کے تحت ان تینوں کا نوٹی فکیشن جاری کرنا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ الیکشن کمیشن نے 20 نشستوں پر ضمنی الیکشن ہونے تک ان نشستوں پر نوٹیفکیشن روک دیا تھا۔ عدالت عالیہ الیکشن کمیشن کے 2جون کے فیصلے کو کالعدم قرار دے اور الیکشن کمیشن کو پنجاب اسمبلی کی مخصوص نشستوں کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کا حکم دیا جائے۔

بقیہ 52

آٹھ بجے بند کردیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران نیازی اور وزرا اپنے خلاف اعتراف جرم کررہے ہیں، وزرا کہتے ہیں ہم نے اپنا پھندا اپوزیشن کے گلے میں ڈال دیا ہے، ہم نے سیاست نہیں بلکہ معیشت اور ملک کو بچانے کے لیے حکومت سنبھالی۔ احسن اقبال نے کہا کہ عمران خان اب معصوم بن کر سوال کررہے ہیں ملک کا کیا بنے گا؟ وفاقی حکومت کو چار ہزار ارب روپے صوبوں کو دے کر چار ہزار ارب روپے کا قرض اتارنا ہے، یہ مسائل ہمیں ورثہ میں ملے ہیں، عمران خان نے اپنی شہرت کے لیے بجلی، ڈیزل اور پیٹرول کی قیمتیں کم کی اس وجہ سے معیشت میں گہرا سوراخ ہوا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آئی ایم ایف سے کیے گئے معاہدے کے تحت ہمیں ہاتھ باندھ کر عمل کرنا پڑ رہا ہے، آئی ایم ایف کہتا ہے ہمیں حکومت کا نہیں پاکستان کا پتہ ہے، حفیظ شیخ اور شوکت ترین نے دستخط کیے ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ ملک کے لیے بہتر سے بہتر سہولت حاصل کرنے کی کوشش کررہے ہیں، حکومتی سخت فیصلوں کا مقصد ملکی معیشت کو بچانا ہے اور امید کرتے ہیں کہ ایک سال بعد جب حکومت چھوڑیں گے تو معیشت کے دیوالیہ ہونے کا خطرہ ٹل چکا ہوگا۔ زراعت پر سب سے زیادہ توجہ ہے کیونکہ زراعت سے جلد نتائج آتے ہیں تاکہ ہمیں اجناس کو درآمد نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 53

950 گرام آئس ہیروئن برآمد کرلی۔ اے ایس ایف حکام کے مطابق مسافر مصلحت خان نے ہیروئن بیگ کی تہہ میں مہارت سے چھپا رکھی تھی۔ تاہم اے ایس ایف کے عملے نے سامان کی تلاشی کے دوران منشیات برآمد کر کے سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ اے ایس ایف حکام کے مطابق ملزم کو ابتدائی تفتیش کے بعد برآمد شدہ منشیات سمیت مزید قانونی کارروائی کیلئے اے این ایف حکام کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ 54

سے جاری ٹویٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں 9 ہزار 371 کورونا وائرس ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 54 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے ہیں، اس طرح ٹیسٹوں کی مثبت شرح 0.58 فیصد رہی ہے۔ مزید برآں اس دوران کورونا وائرس کی وجہ سے جاں بحق ہونے والوں کی تعداد صفر ریکارڈ کی گئی، تاہم 48 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

بقیہ 55

کہ جس نے سرکاری کام سے باہر جانا ہو، اسے اجازت ہونی چاہیے۔ جو ملزم بھی بیرون ملک جانا چاہے تو اسے وزارت داخلہ سے اجازت لینا ہوگی۔ ملک میں موجودہ حالات اپنی نوعیت کے اور مختلف ہیں۔ حکومت بنانے والی اکثریتی جماعت اسمبلی سے جاچکی ہے۔ ملک اس وقت معاشی بحران سے گزر رہا ہے، لہٰذا سسٹم چلنے دینے کے لیے سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ یکطرفہ پارلیمان سے قانون سازی بھی قانونی تقاضوں کے مطابق ہونی چاہیے۔ یہ کسی کے لیے فائدہ اٹھانے کا موقع نہیں ہے۔ نظر رکھیں گے کہ کوئی ادارہ اپنی حد سے تجاوز نہ کرے۔ ایسا حکم نہیں دینا چاہتے جس سے حکومت کو مشکلات ہوں۔ دوران سماعت جسٹس منیب اختر نے ریمارکس دیے کہ سمجھ نہیں آ رہی حکومت کرنا کیا چاہتی ہے۔ لگتا ہے حکومت بہت کنزوروکٹ پر کھڑی ہے۔ واضح بات کے بجائے ہمیشہ ادھر ادھر کی سنائی جاتی ہیں۔ ای سی ایل کے حوالے سے کوئی قانونی وجہ ہے تو بیان کریں۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے ریمارکس دیے کہ ای سی ایل سے نام نکالنے کی اتنی جلدی کیا تھی؟ ایسی کیا جلدی تھی کہ دو دن میں ای سی ایل سے نام نکالنے کی منظوری دی گئی؟ جس پر ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ کابینہ ارکان کے نام ای سی ایل پر تھے۔ ماضی میں بھی اسی انداز میں ای سی ایل سے نام نکالے جاتے رہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل کے جواب پر جسٹس مظاہر نقوی نے سوال کیا کہ کیا حکومت کا یہ جواب ہے کہ ماضی میں ہوتا رہا تو اب بھی ہوگا؟ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ با اختیار افراد نے ترمیم کر کے اس سے فائدہ اٹھایا۔ قانونی عمل پر کوئی سمجھوتا نہیں ہونے دیں گے۔ کسی کو لگتا ہے کیس میں جان نہیں، تو متعلقہ عدالت سے رجوع کرے۔ سپریم کورٹ کی جانب سے وزیراعظم کی ضمانت حاصل کرنے کے اقدام کی تعریف کی گئی۔ اس سلسلے میں چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ اچھا لگا کہ وزیراعظم اور وزیراعلیٰ نے خود پیش ہوکر ضمانت کرائی، تاہم ہم ضمانت کے حکم نامے کا بھی جائزہ لیں گے۔ کابینہ ارکان نے تو بظاہر ای سی ایل کو ختم ہی کردیا۔

بقیہ 56

علی، سیکریٹری لیبر سندھ لئیق احمد اور سیکریٹری لیبر پنجاب لیاقت علی چٹھہ نے کی جبکہ آجروں کی نمائندگی ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان (ای ایف پی) کے نائب صدر اور آئی ایل او کی گورننگ باڈی کے متبادل رکن ذکی احمد خان اور ایمپلائرز ڈیلیگیٹ کے مشیر فصیح الکریم صدیقی نے کی۔ ورکرز کی نمائندگی پاکستان ورکرز فیڈریشن کے چیئرمین ظہور اعوان نے کی۔ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کے 187 رکن ممالک کے آجروں، ورکرز اور حکومتی نمائندے پیشہ ورانہ سیفٹی وہیلتھ پر خصوصی توجہ دینے کے ساتھ کام سے متعلق مسائل پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے یکجا ہوئے۔ پاکستانی مندوب نے میری ٹائم کنونشن میں ترامیم پر بحث کے لیے جنرل افیئر زکمیٹی کے تمام اجلاسوں میں شرکت کی جس میں 1998 کے بنیادی اصولوں اور کام کے حقوق کے اعلامیے میں ترمیم لاکراوش کو کارکنوں کے لیے بنیادی حق کے طور پر شامل کرنا اور بنیادی لیبر کنونشن کے طور پر اوش سے متعلق کنونشنز کی اپ گریڈیشن شامل تھا۔ ایمپلائرز گروپ نے اعلامیے میں کچھ بنیادی ترامیم پیش کیں جو اتفاق رائے سے منظور کی گئیں تاہم اصل بحث اوش کنونشنز کی اپ گریڈیشن پر ہوئی جو کنونشن نمبر 187 پروموشنل فریم ورک برائے اوش اور کنونشن نمبر 155 پیشہ ورانہ سیفٹی وہیلتھ کنونشن ہیں۔ آجروں اور کارکنوں کے درمیان اتفاق رائے کے ساتھ تفصیلی بات چیت کے بعد کنونشن 187 اور 155 کو بنیادی کنونشن کے طور پر اپ گریڈ کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ پاکستانی آجروں کے وفد کے نمائندہ نائب صدر ای ایف پی ذکی احمد خان نے ترقی پذیر ممالک کو درپیش ترقیاتی چیلنجز اور ای ایف پی کی جانب سے ایس ڈی جی کے نفاذ، ہنر کی ترقی کے پروگرام میں نجی شعبے کی دوطرفہ اور سہ فریقی سماجی بات چیت کو فروغ دینے کے لیے اٹھائے گئے اقدامات اور یو این ایس ڈی ایس ایف پر نیشنل بزنس ٹاسک فورس کا قیام پر روشنی ڈالی جو ایشیا میں اپنی نوعیت کا واحد ادارہ ہے

کویت ٹریڈیونین فیڈریشن اور پاکستان ورکرز فیڈریشن وسی ڈی اے مزدور یونین درمیان باہمی تعاون کا معاہدہ

امریکہ کے شہر فیلڈلفیا (پنسلوانیا) میں AFL-CIO کے زیراہتمام امریکن فیڈریشن آف لیبر کانگریس اینڈ انڈسٹریل آرگنائزیشن کی 29ویں آئینی کنونشن کے انعقاد

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) کویت ٹریڈ یونین فیڈریشن اور پاکستان ورکرز فیڈریشن وسی ڈی اے مزدور یونین چوہدری محمد یٰسین گروپ کے درمیان باہمی تعاون اور یونین سازی کے عمل کو ترقی دینے اور آپس میں ورکروں کی تربیت، معلومات کی رسائی اور دونوں ممالک کے درمیان ملازمین کے مسائل اور انکے مستقبل کو بہتر بنانے کے حوالے سے امریکہ کے شہر فیلڈلفیا (پنسلوانیا) میں AFL-CIO کے زیر اہتمام امریکن فیڈریشن آف لیبر کانگریس اینڈ انڈسٹریل آرگنائزیشن کی 29ویں آئینی کنونشن کے انعقاد سمجھوتہ طے پا (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: کویت ٹریڈ یونین فیڈریشن کے رہنما عبدالعزیز سعود الاعظمی، سیکرٹری فارن ریلیشن محمد الارادھار اور مزدور یونین (سی بی اے) کے مرکزی ترجمان احمد علی شیرازی کا مزدوروں کے مسائل اور ان کے مستقبل کو بہتر بنانے کے لئے معاہدے کے موقع پر گروپ فوٹو

بوجہ ضروری مرمت 15 جون کو بجلی بند رہے گی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 15 جون، (بقیہ نمبر 2)

کے الیکٹرک کیلئے ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 5 روپے 28 پیسہ فی یونٹ مہنگی کرنے کی منظوری

اسلام آباد (اے ایف بی) نیپرا نے کراچی کے بجلی صارفین کے لئے ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی پانچ روپے 28 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی منظوری دے دی۔ اضافہ کی منظوری اپریل کی فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں دی گئی

اوورسیز پاکستانیوں کو ووٹ کا حق نہ دینے کیخلاف دائر درخواست پر سماعت 27 جون تک ملتوی

لاہور (اے ایف بی) لاہور ہائیکورٹ نے اوورسیز پاکستانیوں کو ووٹ کا حق نہ دینے کے خلاف دائر درخواست پر سماعت سرکاری وکیل کی جواب داخل کرانے کے لیے مہلت دینے کی استدعا پر 27 جون تک ملتوی کر دی۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر الیکشن کمیشن، وفاقی اور صوبائی حکومت سمیت دیگر متعلقہ حکام سے تفصیلی پیش رفت رپورٹ طلب کر لی۔

90 سالہ بزرگ پر تشدد کرنے اور سڑک پر گھسیٹنے والا شخص گرفتار

مظفرگڑھ (مہر عمران سے) 90 سالہ بزرگ پر تشدد کرنے اور سڑک پر گھسیٹنے والا شخص گرفتار، مقدمہ درج، پولیس زرائع کے مطابق مظفرگڑھ کی سب تحصیل رنگپور میں جھنگ روڈ پر واقع رنگپور پٹرولیم سروس کے پاس ایک 90 سالہ لاوارث ذہنی معذور بزرگ جو نہ بول سکتا ہے اور نہ سن سکتا ہے رات کو سویا ہوا تھا کہ قریب واقع منظور ہوٹل کے ملازم محمد عابد ولد محمد اسلم نے لاوارث بزرگ کو جانوروں کی طرح گھسیٹنا شروع کر دیا۔ اس ظلم کی وڈیو وائرل ہونے پر تھانہ رنگپور پولیس نے موقع پر پہنچ کر بزرگ پر ظلم کرنے والے شخص کو گرفتار کر (بقیہ نمبر 3)

عمران خان نے ہمیشہ اپنی ذات کی سیاست کی ہے' سلمان رفیق

پنجاب کا بجٹ عوام کیلئے ہے بجٹ میں رکاوٹ ڈالنا عوام دشمنی ہے' صوبائی وزیر صحت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا ہے کہ عمران خان نے ہمیشہ اپنی ذات کی سیاست کی ہے، اسمبلی میں بجٹ اجلاس میں ہنگامہ آرائی قابل افسوس تھی تحریک انصاف کی شروع سے سیاست ضد اور ہٹ دھرمی پر مبنی ہے۔ احتساب عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان نے ہمیشہ اپنی ذات کی سیاست کی ہے۔ وفاقی حکومت میں اکثریت کھونے پر بھی عمران خان نے حوصلہ نہیں دکھایا۔

وزیراعلیٰ کی سکیورٹی، صحافیوں کو گیٹ پر روک لیا گیا

احتجاج کے دوران صحافیوں نے راجہ بشارت، علی حیدر گیلانی، سبطین خان، مونس الٰہی کو گیٹ پر روک لیا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کی سکیورٹی اور صحافیوں کو گیٹ پر روک لیا گیا، پریس گیلری میں جانے سے روکنے پر صحافیوں نے پنجاب اسمبلی کے احاطے میں احتجاج کیا۔ احتجاج کے دوران صحافیوں نے راجہ بشارت، علی حیدر گیلانی، سبطین خان اور مونس الٰہی کو بھی گیٹ پر روک لیا۔ سبطین خان (بقیہ نمبر 6)

گوجر خان نشئیوں کی آماجگاہ بن گیا، دکاندار پریشان

پولیس خاموش تماشائی، سرعام نشہ کرنے اور چوریاں کرنے پر نشئیوں پر کوئی پابندی نہیں

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجر خان شہر نشئیوں کی آماجگاہ بن گیا نشئیوں نے جگہ جگہ اپنے ڈیرے بنا لیے گوجر خان تھانہ کے سامنے نشئیوں نے کپڑے تان کر اپنی محفوظ پناہ گاہ بنا لی جہاں دھڑلے سے نشہ کرنے میں مصروف رہتے ہیں ادھر حیا تسر روڈ پر اور شہر کی دیگر جگہوں پر دکاندار نشئیوں کی وجہ سے سخت اذیت کا شکار ہو (بقیہ نمبر 7)

سندھ کابینہ نے 1.71 ٹریلین روپے کا ٹیکس فری بجٹ منظور کرلیا

بجٹ میں سماجی تحفظ اور معاشی استحکام کیلئے اقدامات کیے گئے ہیں، سید مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) سندھ کابینہ نے مالی سال 23-2022 کے لیے 1.71 ٹریلین روپے کا ٹیکس فری بجٹ منظور کر لیا ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں تمام صوبائی وزرا، (بقیہ نمبر 8)

پاکستان کے بجٹ کو مستحکم کرنے کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے

بجٹ کو آئی ایم ایف پروگرام کے کلیدی مقاصد کے مطابق لانے کیلئے بھی اضافی اقدامات کرنا ہوں گے

بعض محصولات اور اخراجات کی مزید وضاحت کیلئے حکام کیساتھ بات چیت جاری ہے، پاکستان میں آئی ایم ایف کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے کہا ہے کہ ابتدائی جائزے کے مطابق پاکستان کے وفاقی بجٹ کو مستحکم اور آئی ایم ایف پروگرام کے کلیدی مقاصد کیمطابق لانے کیلئے اضافی اقدامات کی ضرورت ہوگی۔ پاکستان میں آئی ایم ایف کی ترجمان ایستھر پیریز نے بتایا کہ قومی اسمبلی میں پیش کیے گئے وفاقی بجٹ کو بغور دیکھ رہے ہیں، بعض محصولات اور اخراجات (بقیہ نمبر 21)

ڈپٹی چیئرمین سینٹ حاجی میرزا محمد آفریدی خیبر کا عظیم مسیحا!!

قوم کے لوگوں کی خدمات انسانیت کے لئے مشعل راہ ہیں، حاجی مرزا محمد آفریدی

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) ڈپٹی چیئرمین سینٹ حاجی میرزا محمد آفریدی خیبر کا عظیم مسیحا!! باڑہ کا علاقہ قبیلہ برقمبر خیل سے تعلق رکھنے والا غریب خاندان چشم چراغ والی آفریدی ترکی میں پابندی سلاسل بنادیا گیا ہے محنت مزدوری کے لئے ترکی گیا ہے ڈپٹی چیرمین سینٹ حاجی مرزا محمد آفریدی سے رابطہ کیا گیا تو موصوف نے فوراً ترکی سفیر بات کی اور مسئلہ سے آگاہ کیا دنیا میں ہمیشہ ان کو یاد رکھا جاتا ہے جو انسانیت کیلئے کچھ کرتے ہیں، ایک ہی تصویر کے دو رخ ہیں بالکل (بقیہ نمبر 11)

نوازشریف کو ڈاکٹروں نے وطن واپسی سے خبردار کردیا

ڈاکٹروں کی جانب سے نوازشریف کو علاج مکمل ہونے تک غیرضروری سفر سے گریز کی ہدایت

لندن (این این آئی) لندن میں مقیم پاکستان کے سابق وزیر اعظم نوازشریف کو ڈاکٹروں نے وطن واپسی سے خبردار کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈاکٹروں کی جانب سے نوازشریف کو علاج مکمل ہونے تک غیرضروری سفر سے گریز کی ہدایت کی گئی ہے۔ معالجین نے یہ مشورہ برطانیہ میں نیا کورونا سب ویرینٹ سامنے آنے کے بعد دیا۔

عازمین حج کو بہترین سہولیات فراہم کی جارہی ہے

ہم حاجیوں کی خدمت کے لئے دن رات کوشاں ہیں، فیض عمر سیال

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) مدینہ منورہ میں وزارت مذہبی امور کی جانب سے عازمین حجاج کیلئے حرم سے تین سو میٹر کے اندر فائیو اسٹار، فور اسٹار اور تھری اسٹار ہوٹلوں میں رہائش کے ساتھ انہیں تین وقت کا بہترین کھانا بھی فراہم کیا جا رہا ہے۔ ریڈیو پاکستان نے ان رہائش گاہوں کا سروے کیا اور عازمین حج سے رہائش اور کھانوں کے معیار (بقیہ نمبر 12)

برسلز، صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے ممبر یورپین پارلیمنٹ مائیکل ملاقات کر رہے ہیں

صوبائی وزیر عطا اللہ تارڑ پنجاب اسمبلی پہنچ گئے

آئین کیمطابق ایوان میں بیٹھ سکتا ہوں، پہلے بھی ایسی مثالیں ملتی رہی ہیں' عطا اللہ تارڑ

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ ن کے رہنما و صوبائی وزیر عطا اللہ تارڑ پنجاب اسمبلی پہنچ گئے۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں آئین کے مطابق ایوان میں بیٹھ سکتا ہوں، پہلے بھی ایسی مثالیں ملتی رہی ہیں۔ عطا اللہ تارڑ کا کہنا (بقیہ نمبر 22)

پنجاب اسمبلی میں صحافیوں کی کوریج پر کوئی پابندی نہیں' ترجمان پنجاب اسمبلی

لاہور (این این آئی) ترجمان پنجاب اسمبلی نے کہا ہے کہ پنجاب اسمبلی میں صحافیوں کی کوریج پر کوئی پابندی نہیں۔ صحافی اس وقت بھی میڈیا کیمپ میں کوریج کر رہے ہیں۔ صحافی ایوان کی پریس گیلری سے بھی اجلاس کی بلا روک ٹوک کوریج کر رہے ہیں۔ پنجاب حکومت کے ترجمان کا بیان لاعلمی پر مبنی ہے۔ پنجاب اسمبلی میں بجٹ اجلاس کی گزشتہ روز بھی مکمل کوریج کی۔

عیدالاضحیٰ کیلئے جانوروں کی خرید و فروخت

میٹروپولیٹین کارپوریشن کا اسلام آباد میں چار مویشی منڈیاں لگانے کا فیصلہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) عیدالاضحیٰ کیلئے جانوروں کی خرید و فروخت، میٹروپولیٹین کارپوریشن نے اسلام آباد میں چار مویشی منڈیاں لگانے کا فیصلہ کرلیا، آئی پندرہ، ترنول، بارہ کہو اور ترامڑی میں مویشی منڈیاں لگائی جائیں گی، مویشی منڈیوں (بقیہ نمبر 23)

سابق صدر جنرل (ر) پرویز مشرف زندگی کے آئندہ ایام پاکستان میں گزارنے کے خواہشمند

کراچی (این این آئی) سابق صدر و آرمی چیف جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف نے اپنے قریبی رفقا سے اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ وہ اپنی زندگی کے آئندہ ایام پاکستان میں گزارنا چاہتے ہیں۔ وہ وطن فوری واپسی چاہتے ہیں۔ اس خواہش کے بعد ان کے قریبی رفقا متحرک ہوگئے کہ وہ پس پردہ رابطوں میں وفاق و مقتدر حلقوں سے اس بات کا اظہار کر رہے ہیں وہ پرویز مشرف کی پاکستان واپسی کی راہ میں حائل رکاوٹ اور قانونی معاملات کو فوری دور کریں۔

صحافی پر تشدد اور رقم چھیننے کے ملزمان کیخلاف ایف آئی آر درج

غیرقانونی پٹرول ایجنسیوں کے دھندوں کے خلاف خبریں لگاتا رہتا ہے

مظفرگڑھ (مہر عمران سے) صحافی پر تشدد اور رقم چھیننے کے ملزمان کے خلاف ایف آئی آر درج، پولیس زرائع کے مطابق محمد اشرف نامی اخباری رپورٹر جو علاقے میں ہونے والے غیرقانونی پٹرول ایجنسیوں کے دھندوں کے خلاف خبریں لگاتا رہتا ہے اپنے دوستوں کے ہمراہ قربانی کا جانور خریدنے کے لئے جا رہا تھا کہ تھانہ محمود کوٹ کی حدود میں پل ڈنگہ قصبہ گجرات کے مقام پر ایک غیرقانونی پٹرول سیل پوائنٹ پر آئل ٹینکر سے پٹرول ان لوڈ ہو رہا تھا محمد اشرف نے پٹرول ان لوڈنگ کی وڈیو بنانا شروع کی تو آصف، شوکت اور عارف نے 5 نامعلوم افراد کے ہمراہ اس کی گاڑی کو گھیرے میں لے کر اسے زبردستی (بقیہ نمبر 24)

سرگودھا، نوجوان نے غیرت کے نام پر فائرنگ کر کے حقیقی بہن اور سابق شوہر کو قتل کردیا

سرگودھا (ظہور حسین بخاری) نوجوان نے غیرت کے نام پر فائرنگ کر کے حقیقی بہن اور اس کے سابق شوہر کو قتل کر دیا اور فرار ہو گیا پولیس نے مقتولہ اور مقتول کی نعشیں تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر دیں اور پولیس مقدمہ قتل درج کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا لالہ موسی ریلوے لائن کے قصبہ ڈنگہ کے گاں (بقیہ نمبر 14)

سرگودھا، خاتون کے مقدمہ قتل کا فیصلہ سنادیا گیا، جرم ثابت نہ ہونے پر مقتولہ کا شوہر بری

سرگودھا (ظہور حسین بخاری) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سرفراز اختر نے خاتون کے مقدمہ قتل کا فیصلہ سناتے ہوئے جرم ثابت نہ ہونے پر مقتولہ کے شوہر کو بری کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر کے علاقہ سیٹلائٹ ٹاؤن کے ہمایوں سلیمی پر الزام تھا کہ اس نے 25 ستمبر 2020 کو گھریلو جھگڑا میں اپنی بیوی کرن شہزادی کو گلا گھونٹ کر قتل کر دیا جس (بقیہ نمبر 13)

ڈاکٹر احمد زیب آفریدی کی وفد کے ہمراہ محمد آفریدی سے ملاقات

تیراہ متاثرین کو رہائش کیلئے تیار گھر دے رہے ہیں جس میں تمام سہولیات موجود ہونگے، حاجی مرزا محمد آفریدی

ڈاکٹر زیب آفریدی نے حاجی مرزا آفریدی سے باڑہ روڈ کے بارے میں بات کی، لوگوں کی مشکلات سے آگاہ کیا

پی ٹی آئی تحصیل پشتخرہ سینئر نائب صدر ڈاکٹر احمد زیب آفریدی کا وفد کے ہمراہ جناب ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مرزا محمد آفریدی کے ساتھ ملاقات کا گروپ فوٹو

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) پی ٹی آئی تحصیل پشتخرہ سینئر نائب صدر ڈاکٹر احمد زیب آفریدی کا وفد کے ہمراہ جناب ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مرزا محمد آفریدی کے ساتھ ملاقات کی۔ ڈاکٹر زیب آفریدی نے تیراہ متاثرین کے مشکلات حوالے سے بات چیت کی۔ حاجی مرزا محمد آفریدی نے کہا کہ تیراہ متاثرین کو رہائش کے لئے تیار گھر دے رہے ہیں جس میں تمام سہولیات موجود ہونگے انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 25)

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات کا چیئرمین کمیٹی کے انتخاب کیلئے اجلاس

اسلام آباد (اے ایف بی): ایوان بالا سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات کا چیئرمین کمیٹی کے انتخاب کیلئے اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ سینیٹر سردار محمد شفیق ترین نے (بقیہ نمبر 26)

ضم شدہ قبائلی اضلاع کے مسائل، قومی اسمبلی کی سیٹوں میں کمی

25ویں آئینی ترمیم کے ذریعے فاٹا کو خیبر پختونخوا میں ضم کردیا گیا

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) صوبائی نائب صدر جماعت اسلامی یوتھ خیبر پختونخوا و سابق امیدوار PK-106 ضلع خیبر شاہ جہان آفریدی نے کہا ہے کہ ضم شدہ قبائلی اضلاع کے مسائل، قومی اسمبلی کی سیٹوں میں کمی، صوبائی اسمبلی سیٹوں کی حد بندیاں اور دیگر قومی مسائل کے حوالے سے پشاور پریس کلب میں سیاسی اتحاد باڑہ ضلع خیبر کے اہتمام گرینڈ قومی جرگہ منعقد کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ 25ویں آئینی ترمیم کے ذریعے فاٹا کو خیبر پختونخوا میں ضم کردیا گیا لیکن قومی اسمبلی میں قبائلی اضلاع کی نشستیں 12 سے کم کر (بقیہ نمبر 15)

پروفیسر آف میڈیسن ڈاکٹر عمر آواب پراسرار طور پر لاپتہ

داماد کی مدعیت تھانہ رتہ امرال میں دفعہ 365 کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا

ڈاکٹر عمر آواب کے زیر استعمال گاڑی بے نظیر بھٹو ہسپتال کی پارکنگ سے ملی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) اسلامک انٹرنیشنل میڈیکل کالج ٹرسٹ کے ڈائریکٹر جنرل ہاسپٹلز، آئی آئی ایم سی ٹی ریلوے ہسپتال کے پروفیسر آف میڈیسن ڈاکٹر عمر آواب پراسرار طور پر لاپتہ ہوگئے، 6 جون کو ہسپتال سے معمول کی ڈیوٹی کے بعد گھر کے لئے روانہ ہوئے تاہم گھر نہیں پہنچ سکے، زیر استعمال گاڑی بے نظیر ہسپتال کی پارکنگ سے ملی، موبائل فون تب سے بند جا رہا ہے۔ (بقیہ نمبر 4)

شہری کی شکایت پر پرائس کنٹرول مجسٹریٹ کی بھرپور کاروائی

مہنگی اشیاء کی فروخت پر گوجر خان گورمے بیکری کو 20000 کا جرمانہ

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان مہر غلام عباس ہرل کی زیرنگرانی پرائس کنٹرول مجسٹریٹ طارق وحید نے شہری کی شکایت پر فوری نوٹس لیتے ہوئے گورمے بیکری کو مہنگے داموں اشیاء فروخت کرنے پر 20000 جرمانہ کر دیا گیا شہری نے بتایا کہ گورمے بیکری پر 100 روپے والی بوتل 110 روپے میں فروخت کی جا رہی ہے اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان نے کہا کہ گراں فروشی کے مرتکب ہونے والے عناصر کے خلاف ایسی کاروائیاں بلاتفریق جاری رہیں گی شہری بھی ایسے عناصر کی نشاندہی (بقیہ نمبر 16)

راجہ بشارت، مونس الٰہی کو اسمبلی جانے سے روک لیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کی سکیورٹی اور صحافیوں کو گیٹ پر روک لیا گیا۔ اس موقع پر صحافیوں نے راجہ بشارت، علی حیدر گیلانی، سبطین خان اور مونس الٰہی کو گیٹ پر روک لیا۔

وزارت خزانہ کا آئندہ تین سال کیلئے مڈٹرم بجٹ سٹریٹجی پیپر تیار

23-2022ء سے 25-2024ء کے اہداف مقرر

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے آئندہ تین سال کیلئے مڈٹرم بجٹ سٹریٹجی پیپر تیار کرلیا جس کے مطابق 23-2022ء سے 25-2024ء کے اہداف مقرر کر دیئے گئے۔ ذرائع کے مطابق کل آمدن 7315 ارب سے بڑھا کر 12444 ارب تک لیجانے اور ٹیکس وصولیاں 6 ہزار ارب سے بڑھا کر 9800 ارب تک لیجانے کا ہدف ہے۔

لاہور ن لیگ کے اقلیتی رکن اسمبلی رمیش سنگھ پنجاب اسمبلی کے بجٹ اجلاس میں شرکت کیلئے آرہے ہیں

خواجہ برادران کیخلاف پیراگون ہاؤسنگ سوسائٹی ریفرنس کی سماعت چار جولائی تک ملتوی

لاہور (اے ایف بی) لاہور کی احتساب عدالت نے مسلم لیگ ن کے رہنماؤں خواجہ سعد رفیق اور خواجہ سلمان رفیق کیخلاف پیراگون ہاؤسنگ سوسائٹی ریفرنس میں دو گواہوں کے بیانات پر جرح مکمل کرنے کے بعد مزید سماعت چار جولائی تک ملتوی کر دی۔

غلط اوورٹیکنگ کرنیوالوں کیخلاف بھرپور کارروائی

تیز رفتاری اور غلط اوورٹیکنگ کرنے پر گزشتہ ماہ 952 چالان

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی کے احکامات پر سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی کے کیمرہ سکواڈ کی راولپنڈی کی مختلف شاہراہوں پر تیز رفتاری اور غلط اوورٹیکنگ کرنے والوں کے خلاف بھرپور کاروائی۔ تیز رفتاری اور غلط اوورٹیکنگ کرنے پر گزشتہ ماہ 952 چالان۔ ہماری اولین ترجیح عوام کے سفر کو آسان اور زندگی کو محفوظ بنانا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی نوید ارشاد کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی کے کیمرہ سکواڈ نے راولپنڈی کی (بقیہ نمبر 17)

راولپنڈی' ٹریفک اہلکار سپیڈ کیمرہ کے ذریعے گاڑیوں کی سپیڈ چیک کر رہا ہے

حیدرآباد میں ٹرانسفارمر پھٹنے سے ہلاکتیں، نیپرا کا 35 لاکھ فی کس معاوضہ ادا کرنے کا حکم

کراچی (این این آئی) نیپرا نے حیدرآباد میں ٹرانسفارمر پھٹنے سے ہلاکتوں پر سوگوار خاندانوں کو 35 لاکھ فی کس معاوضہ ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ نیپرا نے حیدرآباد کے علاقے اسلام آباد چوک میں ٹرانسفارمر پھٹنے سے تین افراد کے ہلاک اور چار افراد کے زخمی ہونے کے واقعے کی انکوائری کے بعد حیسکو پر ایک کروڑ روپے جرمانہ عائد کر دیا ہے۔

عامر لیاقت حسین کے پوسٹ مارٹم کے تنازع پر ادارے آمنے سامنے آ گئے

کراچی (این این آئی) رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عامر لیاقت حسین کے پوسٹ مارٹم کے تنازع پر ادارے آمنے سامنے آ گئے، کراچی پولیس سرجن کا جبری تبادلہ کر دیا گیا جبکہ صوبائی محکمہ صحت نے عامر لیاقت کے پوسٹ مارٹم میں رکاوٹ بننے والی خاتون افسر کو بیک وقت دو پر کشش عہدوں پر فائز کر کے نہ صرف سپریم کورٹ کے احکامات کی دھجیاں اڑا دیں

کراچی کیلئے بجلی مزید مہنگی کرنا شرمناک عمل ہے، حلیم عادل شیخ

آئی ایم ایف کے ڈومور مطالبے کے بعد امپورٹڈ کابینہ اداروں کو بیچنے کی تیاری کررہی ہے

کراچی (این این آئی) اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی حلیم عادل شیخ نے کہا ہے کہ کراچی کیلئے بجلی مزید مہنگی کرنا شرمناک عمل ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے جاری کردہ ایک بیان میں حلیم عادل شیخ نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ڈومور مطالبے کے بعد امپورٹڈ کابینہ اداروں کو بیچنے کی تیاری کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کیلئے بجلی مزید (بقیہ نمبر 9)

دعا زہرا کے انٹرویو پر والدین کا ردعمل سامنے آگیا

کل کا انٹرویو سب جھوٹ کا پلندا تھا، مجھے اندازہ تھا اس قسم کی ویڈیو سامنے آئیں گی، مہدی کاظمی

کراچی (این این آئی) کراچی سے لاہور پہنچ کر پسند کی شادی کرنے والی دعا زہرا کی جانب سے شوہر کے ہمراہ نیا انٹرویو دیا گیا جس پر دعا کے والدین کا بھی ردعمل سامنے آ گیا ہے۔ دعا زہرا کے والدین نے بیٹی کی شادی کو تاحال دباؤ اور مافیا کے ملوث ہونے کے نتیجے میں ایک جھوٹ قرار دے رہے ہیں جبکہ بیٹی کی اپنے نئے انٹرویو میں کہنا ہے کہ میرے والدین اپنا دل بڑا کریں اور اس شادی کو قبول کر لیں۔ گزشتہ روز دعا زہرا اور شوہر ظہیر احمد کی جانب سے دیئے گئے انٹرویو پر بھی لڑکی کے والدین نے اعتراضات اٹھا دیئے ہیں۔

تین افسران کو ترقی ملنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد

جنرل سیکرٹری سی ڈی اے آفیسر ایسوسی ایشن نعمت اللہ مسعود اور تمام ایگزیکٹو ممبران کا تین افسران کو ترقی ملنے پر مبارک پیش کی

ترقی پانے والوں میں ڈائریکٹر ٹریفک انجینیئر پلاننگ محمد اعظم خان لودھی۔ ڈائریکٹر پارلیمنٹ ہاؤس منظور حسین شاہ شامل ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) جنرل سیکرٹری سی ڈی اے آفیسر ایسوسی ایشن نعمت اللہ مسعود اور تمام ایگزیکٹو ممبران سی ڈی اے آفیسر ایسوسی ایشن کی جانب سے سی ڈی اے شعبہ انجینیئرنگ کے تین افسران کو گریڈ 19 سے گریڈ 20 میں ترقی ملنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ گریڈ 20 میں ترقی حاصل کرنے والوں میں سرپرست اعلیٰ سی ڈی اے آفیسر ایسوسی ایشن ڈی جی سروسز میاں محمد ڈائریکٹر ٹریفک انجینیئر پلاننگ محمد اعظم خان لودھی۔ ڈائریکٹر پارلیمنٹ ہاؤس منظور حسین شاہ شامل ہیں۔ سی ڈی اے آفیسر ایسوسی ان افسران کے ساتھ انشاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ کی طرح ادارے کی ترقی کے لیے بھرپور تعاون کرے گی۔ سی ڈی اے آفیسر ایسوسی (بقیہ نمبر 27)

کوئٹہ بلدیاتی انتخابات کی مانیٹرنگ کیلئے 36 رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے، جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (اے ایف بی) مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صدر و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) بلدیاتی انتخابات کے دوسرے مرحلے میں بھی بھرپور کامیابی سے ہمکنار ہوگی، کوئٹہ بلدیاتی انتخابات کی مانیٹرنگ کیلئے 36 رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے، کمیٹی عوامی رابطہ مہم الیکشن کی نگرانی اور کوئٹہ ڈسٹرکٹ کونسل میٹروپولیٹن کارپوریشن کیلئے مضبوط امیدواران کو سامنے لائیگی میاں نواز (بقیہ نمبر 29)

وہی مودی کے یار بھارت سے تجارت شروع کررہے ہیں، عمران اسماعیل

مودی حکومت کی اسلام دشمن پالیسی پر موجودہ حکومت نے مکمل چپ سادھ لی ہے

کراچی (این این آئی) سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل نے کہا ہے کہ مودی حکومت کی اسلام دشمن پالیسی پر موجودہ حکومت نے مکمل چپ سادھ لی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے جاری کردہ بیان میں عمران اسماعیل نے کہا کہ ایک طرف گستاخانہ بیان پر مسلم ممالک انڈین پروڈکٹس کا بائیکاٹ کر رہے ہیں، وہی مودی کے یار بھارت سے تجارت شروع کر رہے ہیں۔

مجھے انصاف فراہم کیا جائے' نورین باسط کی اپیل

نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے لوگوں نے میرے ساتھ دھوکہ کیا ہے

اسلام آباد (عبدالہادی قریشی) مجھے انصاف فراہم کیا جائے نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے لوگوں نے میرے ساتھ دھوکہ کیا ہے، نورین باسط میں نے نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں 9 کروڑ کی انویسٹمنٹ کی مگر میرے ساتھ فراڈ ہوگیا ہے نورین باسط نے میڈیا پر بیان دیتے ہوئے کہا کہ نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے لوگوں نے میرے ساتھ دھوکہ فراڈ کیا ہے نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے لوگوں نے جھانسہ دے کر مجھ سے 9 کروڑ کی انویسٹمنٹ کروائی اور یہ کہا گیا کہ پانچ دوکانوں کا کرایہ آپکو 4 لاکھ دیئے جائیں گے ہر مہینے جو کہ 10 مہینے کہ 44 لاکھ (بقیہ نمبر 28)

ٹرانسفارمر پھٹنے کا معاملہ، نیپرا نے حیسکو پر ایک کروڑ روپے جرمانہ عائد کردیا

اسلام آباد (این این آئی) حیدرآباد کے علاقے اسلام آباد چوک میں ٹرانسفارمر پھٹنے کا معاملہ، نیپرا نے حیسکو پر ایک کروڑ روپے جرمانہ عائد کر دیا۔ نیپرا کے مطابق حیسکو میں ٹرانسفارمر پھٹنے سے 3 افراد ہلاک اور 4 زخمی ہوئے تھے، اتھارٹی نے ہلاکتوں کی تحقیقات کیلئے 2 ممبران پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی تھی، تحقیقاتی ٹیم نے متاثرین کے بیانات قلمبند کیے اور جائے وقوع سے شواہد بھی اکٹھے کیے، تحقیقاتی ٹیم نے حیسکو حکام سے بھی پوچھ گچھ کی، تحقیقاتی ٹیم نے متاثرہ ٹرانسفارمر بنانے والی کمپنی کا بھی دورہ کیا، تحقیقاتی ٹیم نے تفتیش مکمل کرنے کے بعد اتھارٹی کو رپورٹ پیش کی تھی، اتھارٹی نے نیپرا ایکٹ کے تحت حیسکو کو شوکاز نوٹس جاری کیا، سماعت کا موقع بھی دیا۔

پاکستانی وفد کی جنیوا میں انٹرنیشنل لیبر کانفرنس شرکت

کراچی (این این آئی) جنیوا میں آئی ایل او کی انٹرنیشنل لیبر کانفرنس میں پاکستان کی نمائندگی پہلی بار آجروں کے 3 رکنی وفد نے کی۔ حکومتی وفد کی نمائندگی وفاقی سیکریٹری وزارت اوورسیز پاکستانیز و ہیومن ریسورسز ڈویلپمنٹ (ایم او پی ایچ آر ڈی) عشرت (بقیہ نمبر 19)

کسانوں کو سرکاری ریٹ پر کھاد کی فراہمی احسن اقدام

مظفرگڑھ (مہر عمران سے) حکومت پنجاب کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر مظفرگڑھ علی عنان قمر کا ضلع بھر میں کسانوں کو کھاد کی فراہمی اور سرکاری ریٹ پر دینے کے لئے فوری احسن اقدام۔ ڈپٹی کمشنر کے احکامات کے مطابق مظفرگڑھ تحصیل 8 جبکہ تحصیل کوٹ ادو 4، (بقیہ نمبر 18)

سرگودھا' صحافی کو کلہاڑی کے وار کرکے بیدردی سے قتل کردیا گیا

پولیس تھانہ عطاء شہید نے مقتول کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کردی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں 55 سالہ صحافی کو دوکان کی چھت پر سوتے میں کلہاڑی کے پے درپے وار کر کے بے دردی سے قتل کر دیا گیا جس پر اہل علاقہ سراپا احتجاج بن گے ڈی پی او نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے رپورٹ طلب کر لی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا فیصل آباد روڈ پر چک 47 اڈا پر پل 111 کے 55 سالہ صحافی لالہ فضل (بقیہ نمبر 20)

نیب کا خاتمہ اور نظام احتساب کا لپیٹنا امپورٹڈ سرکار کا مرکزی ہدف ہے، بریگیڈئر (ر) مصدق عباسی

اسلام آباد (این این آئی) شاہد خاقان عباسی کے بیان پر پاکستان تحریک انصاف نے رد عمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیب کا خاتمہ اور نظام احتساب کا لپیٹنا امپورٹڈ سرکار کا مرکزی ہدف ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وہ ملک کبھی ترقی نہیں کر سکتا جہاں کی اشرافیہ کے اوپر سے احتساب کا عمل ختم کر دیا جائے۔ بریگیڈئر (ر) مصدق عباسی نے کہا کہ امپورٹڈ حکومت میں شامل (بقیہ نمبر 5)

احتساب عدالت میں نارووال سپورٹس سٹی ریفرنس پر سماعت 30 جون تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت میں نارووال سپورٹس سٹی ریفرنس پر سماعت 30 جون تک ملتوی کر دی گئی۔ منگل کو احتساب عدالت کے جج اصغر علی نے ریفرنس پر سماعت کی۔ وفاقی وزیر احسن اقبال سمیت دیگر عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ وکیل احسن اقبال نے کہا کہ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کا بینچ تبدیل ہوگیا ہے۔ وکیل احسن اقبال نے کہا کہ ڈویژنل بینچ میں کیس جسٹس عامر فاروق کی سربراہی میں بینچ میں چلا گیا ہے۔

حکومت اور اس کی اتحادی جماعتیں ''سودی نظام'' کے ساتھ ہیں

ملکی معیشت اس وقت تک سنبھل نہیں سکتی جب تک ''سودی نظام'' سے چھٹکارا حاصل نہیں کیا جاتا

کراچی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی رہنما ممتاز پارلیمنٹرین حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کی پارلیمنٹ میں سودی نظام پر مشتمل بجٹ زیر بحث ہے جبکہ بدقسمتی سے اللہ اور رسول ﷺ سے لڑائی میں حکومت میں شامل تمام پارٹیاں ''سودی نظام'' کے ساتھ ہیں۔ وہ منگل کو اپنی رہائشگاہ جامعہ مطلع العلوم میں صوبہ سندھ سے آئے ہوئے وفد اور میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے۔ وفد میں ساجد جمال سومرو، سعید احمد کربلائی، صحافی زاہد علی منگریو، میر ہالار خان بروہی اور دیگر شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت صرف ایک ووٹ کے سہارے کھڑی ہے اور جمعیت علماء اسلام (ف) کے (بقیہ نمبر 10)

ارجنٹینا کے چیف آف سٹاف کی سربراہ پاک فضائیہ سے ملاقات

ملاقات کے دوران پیشہ ورانہ دلچسپی اور علاقائی سلامتی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ارجنٹینا کی مسلح افواج کے چیف آف جوائنٹ اسٹاف کی سربراہ پاک فضائیہ سے ملاقات 14 جون 2022: ارجنٹینا کی مسلح افواج کے چیف آف جوائنٹ اسٹاف، لیفٹیننٹ جنرل جوآن مارٹن پے لیونے سربراہ پاک فضائیہ ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے آج ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ معزز مہمان نے پاک فضائیہ کے اہلکاروں کی پیشہ ورانہ مہارت کی تعریف کی اور حالیہ برسوں میں خود انحصاری کی طرف گامزن پاک فضائیہ کی کامیابیوں کا اعتراف بھی کیا۔ ایئر چیف نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان خوشگوار تعلقات قائم ہیں۔ انہوں نے پاک فضائیہ اور ارجنٹائن فضائیہ کے مابین موجودہ دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔ دونوں معززین نے تربیت اور خود انحصاری سمیت دفاعی تعلقات کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ ملاقات کے دوران پیشہ ورانہ دلچسپی اور علاقائی سلامتی کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035